
ابتدائی صرف کی مشہور و متداول کتاب "پنج گنج" کا سلیس ترجمہ اور آسان حل

شرح پنج گنج

شارح

محمد بلال اشرف قادری

امجدی روڈ، بڑاگاؤں، گھوسی، مئو، یوپی



ناشر

کمال بکڈپو

متصل مدرسہ شمس العلوم گھوسی، ضلع مئو (یوپی)

نام کتاب : شرحِ پنج گنج

شارِح : **محمد بلال اشرف قادری**
امجدی روڈ بڑا گاؤں گھوسی، مئو، یوپی۔
belalqadri6@gmail.com

صفحات : ۱۴۴

سن اِشاعت : ۱۴۳۴ھ ۲۰۱۳ء

تعداد : ۱۱۰۰

تحریک : محبِّ گرامی محمد ہاشم قادری بھوپالی۔ حفظہُ اللہ۔

قیمت :

ناشر : **کمال بک ڈپو**

متصل مدرسہ شمس العلوم گھوسی، ضلع، مئو، یوپی
9935465182

شرفِ انتساب

اپنی والدہ محترمہ

صدیق النساء صاحبہ

کے نام

جن کی دعائیں میری زندگی کا قیمتی سرمایہ ہیں۔

محمد بلال اشرف قادری

فہرست

عرض حال

علومِ عالیہ کی عظمت مسلم ہے، لیکن علوم آلیہ کی اہمیت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا۔ علوم عالیہ تک رسائی کے لیے علوم آلیہ زینے کا کام کرتے ہیں۔ بلفظ دیگر علوم آلیہ' مقاصد کے وسائل ہیں۔ جب مقاصد بلند ہوتے ہیں تو وسائل کی عظمت خود بخود سامنے آجاتی ہے، انہیں علوم آلیہ میں علومِ نحو وصرف بھی ہیں۔

جس طرح علم نحو کی ایک شاخ 'ترکیب' ہے، اسی طرح علم صرف کی ایک شاخ 'تعلیل' ہے۔ تعلیل کے بعد کلمہ کی اصل ساخت میں بسا اوقات اتنی بڑی تبدیلی آجاتی ہے کہ اصل تک رسائی مشکل معلوم ہونے لگتی ہے۔ بس اسی دشواری کو دور کرنے کے لیے علماے صرف نے تعلیل وتخفیف کے قواعد وضع کیے ہیں۔

قواعد تو عموماً پڑھا دیے جاتے ہیں اور مثال سے انہیں سمجھا بھی دیا جاتا ہے، لیکن مشق وممارست نہ ہونے کی وجہ سے عموماً ذہول ہوجاتا ہے۔ موقع کی مناسبت سے میں یہاں اپنے دورانِ طالب علمی کا ایک واقعہ نقل کر رہا ہوں۔ اور یہی اس کتاب کی شرح لکھنے کا باعث بنا ہے۔

مادر علمی جامعہ شمس العلوم میں 'شرح جامی' کا درس استاذ محترم حضرت مولانا مقصود احمد اشرفی شمسی صاحب قبلہ سے متعلق تھا۔ حضرت کا معاملہ یہ تھا پہلے بغور عبارت سنتے پھر درس دیتے۔ ایک روز میرے ایک ہم سبق نے عبارت خوانی شروع کی، دوران عبارت لفظ ''زِیْدَ'' آگیا جس کو ہم سبق نے ''زَیْدٌ'' پڑھا۔ استاذ محترم نے عبارت خوانی رکوا کر فرداً فرداً تمام طلبہ سے مذکورہ لفظ کی بابت سوال کیا، عموماً طلبہ نے 'زَیْدٌ' ہی بتایا۔

اسی وقت میرے ذہن میں آیا کہ کیوں نہ قواعد تعلیل وتخفیف کو آسان زبان میں تحریر کر دیا جائے۔ چنانچہ اس سلسلے میں استاذ محترم نے قدم بقدم میری رہنمائی کی اور ان کے اشارے پر میں نے ''پنج گنج'' کی شرح لکھنی شروع کر دی۔ مقصد یہ تھا تعلیل وتخفیف کے قواعد کو آسان زبان میں تحریر کر دیا جائے، تاکہ مبتدی طلبہ کے لیے سہل الحصول ہو اور پورے طور پر اس علم سے استفادہ کر سکیں۔

چونکہ یہ میری طالب علمی کے دور میں لکھے ہوئے نوٹس تھے، اور بعض احباب کی دیرینہ خواہش تھی کہ اسے زیور طباعت سے آراستہ کیا جائے تو بس خیالِ خاطر احباب کے پیش نظر مزید ترمیم واضافے کے بعد اب انھیں منظر عام پر لایا جارہا ہے۔

میری یہ پہلی قلمی کاوش ہے، جسے آپ کے سامنے پیش کرتے ہوئے مجھے یک گونہ خوشی کا احساس ہو رہا ہے۔ اس موقع پر میں اپنے تمام اساتذہ کرام کا عموماً شکر گزار ہوں جن کی تعلیم وتربیت نے مجھے اس منزل تک پہنچایا۔

خصوصاً ان حضرات کا میں تہِ دل سے ممنون ومشکور ہوں جنھوں نے اپنے مفید مشوروں سے مجھے نوازا، اور میری ہمت افزائی کی: اُستاذ محترم نازش علم وفن حضرت علامہ ومولانا وصی احمد صاحب قبلہ شمسی استاذ فقہ وادب وتفسیر جامعہ شمس العلوم گھوسی۔ مولانا محمد افروز قادری صاحب امجدی ثقافی چریاکوٹی، پرنسپل جامعۃ المصطفیٰ، کیپ ٹاؤن، ساؤتھ افریقہ۔ مولانا مفتی محمد عثمان صاحب۔ مولانا نعیم الاسلام صاحب، اور مولانا محمد کمال اشرف صاحب۔

وحدہ لاشریک ان تمام حضرات کو شایانِ شان اجر عطا فرمائے، اس کتاب کو ہر ایک کے لیے نافع بنائے، اور اپنے کریمانہ قبول سے نوازے۔ (آمین ثم آمین)

احقر

محمد بلال اشرف قادری

۱۴ر مئی، ۲۰۱۳ء بروز منگل

تقریظ جلیل

حضرت مولانا محمد وصی احمد صاحب قبلہ شمسی دامت برکاتہم
استاذ فقہ وادب جامعہ شمس العلوم گھوسی

حامداً و مصلیاً و مسلماً و بعد!

مذہب اسلام کا بیشتر علمی سرمایہ عربی زبان میں ہے جس سے استفادہ زبان سے واقفیت کے بغیر ممکن نہیں۔ کسی بھی زبان کو سمجھنے کے لیے اس کے قواعد اور گرامر کی معلومات ضروری ہوتی ہیں، بنابریں ہر دور میں عربی زبان کے قواعد صرف ونحو پر اہل علم کے رشحاتِ قلم متون، شروح اور حواشی کی صورت میں سامنے آتے رہے، اس سلسلے کی ایک کڑی کتاب پنج گنج بھی ہے جو علم صرف کے مخصوص مباحث تعلیل وتخفیف اور خاصیات پر مشتمل ہے۔

یہ کتاب فارسی زبان میں ہے، طلبہ کے لیے استفادہ آسانی بنانے کی غرض سے جامعہ شمس العلوم کے نوجوان فاضل مولانا محمد بلال اشرف قادری شمسی سلمہٗ نے اس کی مختصر اور جامع شرح لکھی ہے، شرح میں فارسی عبارت کا بامحاورہ آسان زبان میں ترجمہ کردیا گیا ہے۔ مبتدی طلبہ کی ضرورت کے مطابق مختصر تشریح کی گئی ہے اور صیغوں کی شناخت پر کافی زور دیا گیا ہے۔ ان شاء اللہ العظیم طلبہ کو کلمات کی اصلی اور عارضی ہیئت کو سمجھنے میں یہ کتاب کافی مدد و معاون ثابت ہوگی۔

میں نے کتاب کا مختلف مقامات سے مطالعہ کیا ہے۔ مولانا موصوف کی یہ پہلی کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو مقبول انام بنائے اور موصوف کے علم وفضل اور زہد وعمل میں برکت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبہ الکریم علیہ آلہ افضل الصلوات والتسلیم۔

محمد وصی احمد
۱۴۳۴ھ مطابق ۱۴ر مئی ۲۰۱۳ بروز منگل

رفاقت نامہ

از: محبّ گرامی قدر عالم باعمل حضرت مولانا محمد کمال صاحب شمسی - حفظہ اللہ ورعاہ۔

نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم اما بعد!

مغلیہ دور حکومت کے سقوط کے بعد انگریزی سلطنت نے جہاں زندگی کے ہر پہلو کو اثر انداز کیا وہیں مدارس ومراکز بھی پوری طرح اس کی لپیٹ میں آ گئے۔ حالات اور دفتری زبان کی تبدیلی نے فارسی زبان کی اہمیت ختم کر ڈالی۔ زمانے کے تقاضے کو پورا کرنے والی کتابیں اب کافی دشوار ہوگئیں۔ اور اہل علم حالات کے پیش نظر عربی، فارسی، اور انگریزی کتب کی تشریح وتوضیح اور ترجمہ کی جانب متوجہ ہوئے۔

ماہرین نے انہیں اُردو زبان میں منتقل کر کے نصاب کو کافی حد تک آسان کر دیا، اسی سلسلے کی ایک کڑی شرح پنج گنج بھی ہے۔ قابل مبارک باد ہیں فاضل باکمال مولانا محمد بلال اشرف قادری گھوسوی جنھوں نے مبتدی طلبہ کی پریشانی کو دیکھتے ہوئے سلیس انداز میں ترجمہ وتشریح کا فریضہ انجام دیا ہے، تاکہ طالبانِ علومِ نبویہ بآسانی پورے طور پر علم صرف کی برکات سے بہرہ یاب ہوسکیں۔

اللہ تعالیٰ موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائے، مزید کارِ خیر کی توفیق سے نوازے۔ اور موصوف کی اس پہلی کاوش کو شائقین فن کے لیے نافع ومفید بنائے۔ آمین بجاہ حبیبہ النبی الامی الکریم علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اکرم الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

محمد کمال گھوسوی

۱۴۳۴ھ ۲۰۱۳ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چند مصطلحات

علم صرف :

وہ علم ہے جس سے صیغوں کی پہچان، کلمات کو گردانئے کا طریقہ اور ایک لفظ سے دوسرے لفظ کو بنانے کا قاعدہ معلوم ہو۔

موضوع :

علم صرف کا موضوع اَفعال متصرفہ اور اَسماء متمکنہ ہیں۔

غرض :

کلام عرب میں صیغوں کے پڑھنے اور لکھنے میں غلطی سے محفوظ رہنا۔

حَرکت :

ضمہ، فتحہ، کسرہ کو کہتے ہیں

مَضمُوم :

وہ حرف ہے جس پر ضمہ ہو۔

مَفتوح :

وہ حرف ہے جس پر فتحہ ہو۔

مَکسور :

وہ حرف ہے جس پر کسرہ ہو۔

مُتَحَرک :

وہ حرف ہے جس پر حرکت ہو۔

ساکن :

وہ حرف ہے جس پر سکون ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا خَلَقَ الاِ نْسَانَ وَاَنْطَقَ لَهُ اللِّسَانَ بِكَلِمَاتٍ مُؤْتَلِفَةٍ مِّنْ لُغَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ لِّيُعَبِّرَبِهَا عَمَّا فِي الصُّدُوْرِ مِنَ الْحَاجَاتِ فِي مَجَارِى الْاُمُوْرِ وَالْعَادَاتِ ، وَالصَّلاةُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْبَشَرِ الْمَخْصُوْصِ بِطِيْبِ النَّشْرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ دُعَاةِ الْاَنَامِ وَ هُدَاةِ الْاِسْلَامِ .

ترجمہ: تمام خُوبیاں اَللہ تعالیٰ کے لیے ہیں کہ اس نے اِنسان کو پیدا کیا، اوراس کومختلف زبانوں سے مُرکب ہونے والے کلمات بولنے کی قوّت عطا فرمائی، تا کہ وہ ان کے ذریعہ امور وعادات کے مواقع میں دل کی ضرورتوں کو بیان کر سکے۔ درود وسلام نازل ہواللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جوتمام مخلوق کے سرداراور عمدہ خوشبو کے ساتھ مخصوص ہیں ،اوراُن کے آل واَصحاب پر جومخلوق کے دَاعی اور اِسلام کے ہادِی ہیں۔

تشریح: اَنْطَقَ فعل ماضی معروف،صیغہ واحد مذکر غائب، باب اِفعال سے،اَنْطَقَ يُنْطِقُ اِنْطَاقاً مصدر بمعنیٰ (ناطق بنانا) مُؤْتَلِفَة: اسم فاعل،اِئْتَلَفَ يَأْتَلِفُ اِئْتِلَافاً (مُرکب ہونا) لِيُعَبِّرَ فعل مضارع معروف،صیغہ واحد مذکر غائب،عَبَّرَ يُعَبِّرُ تَعْبِيْرًا (بیان کرنا) صُدُوْرٌ یہ جمع ہے صَدْرٌ کی (سینہ،مراد دل ہے) حَاجَات یہ جمع ہے حَاجَةٌ کی (ضرورت) مَجَارِی یہ مَجْرٰی کی جمع ہے۔ (جاری ہونے کی جگہ،مقام) اُمُوْر جمع ہے اَمْرٌ کی (کام،معاملہ) عَادَات یہ عَادَةٌ کی جمع ہے(عادت)

صَلٰوۃ: بمعنیٰ (دعا)سَيِّدٌ بمعنیٰ (سردار) بَشَرٌ(انسان) طِيْبٌ (خُوشبو) نَشْرٌ (پھیلانا،عمدہ خوشبو)

اَصْحَاب: یہ صَحْبٌ کی جمع ہے اور صَحْبٌ صَاحِب کی جمع ہے۔ بمعنیٰ (ساتھی)

صَحابہ سے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے وہ رُفقا مراد ہیں جنہوں نے ایمان کی حالت میں نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا یا آپ کو پایا ہو، اور اسی ''ایمان'' کی حالت میں ان کی وفات ہوئی ہو۔

مصنف نے اپنی کتاب کو تسمیہ اور تحمید سے شروع کیا تاکہ قرآن مجید اور حدیث شریف کی اِتباع ہو جائے۔

﴿**بداں کہ ایں کتابے ست مُبوّبٌ و مفصلٌ در تصریف سخن عرب کہ جملہ وے پنج باب ست و مضمون ہر باب مشتمل بر پنج فصل ست و نام وے پنج گنج ست۔ باب اول در شناختنِ مجاری صرف افعال و اسما و در وے پنج فصل ست۔**﴾

ترجمہ: جان لو کہ یہ ایک کتاب ہے عربی زبان کی گردان میں باب باب اور فصل فصل کر کے، جس کے کل پانچ باب ہیں، اور ہر باب کا مضمون پانچ فصل پر مشتمل ہے، جس کا نام پنج گنج ہے۔ پہلا باب افعال اور اسما کی گردان کے جاری ہونے کی پہچان کے متعلق ہے، جس میں پانچ فصلیں ہیں۔

تشریح: (قولہ بداں الخ) یہ صیغہ امر ہے، مصنفین کی یہ عادت ہے، کہ جب بہت اہم چیز بیان کرنی ہو تو لفظ ''بداں'' یا لفظ ''اِعلَم'' لاتے ہیں، تاکہ مخاطب کی غفلت دور ہو اور اس اہم امر کی طرف متوجہ ہو کر اس کو اچھی طرح سمجھ سکے۔

مُبَوَّب: یہ اسم مفعول ہے بَوّبَ یُبَوِّبُ تَبوِیباً۔ (باب باب کرنا)

مُفَصَّل: یہ بھی اسم مفعول ہے فَصَّلَ یُفَصِّلُ تَفصِیلاً۔ (جدا جدا کرنا)

تصریف: کسی چیز کو ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پھیر دینے کو ''تصریف'' کہتے ہیں۔

﴿**فصل اوّل در ذکرِ ماضی، فصل دوم در ذکرِ مستقبل، فصلِ سوم در ذکرِ امر و نہی، فصلِ چہارم در ذکرِ اسمِ فاعل و اسم مفعول، فصلِ پنجم در شناختنِ**

خاصیتِ بابہا، وآں چہ بداں تعلق دارد، وچوں مضمون ایں باب در فاتحۃ المصادر مقدم شدہ است دریں محل فروگذاشتہ شد تا کتاب دراز نگردد۔

ترجمہ: پہلی فصل فعلِ ماضی کے بیان میں، دوسری فصل مستقبل کے بیان میں، تیسری فصل امر ونہی کے بیان میں، چوتھی فصل اسم فاعل اور اسم مفعول کے بیان میں، اور پانچویں فصل ابواب کی خاصیت نیز اُن چیزوں کے پہچاننے میں ہے جو اُن سے تعلق رکھتی ہیں۔ چوں کہ اس باب کا مضمون فاتحۃ المصادر (مُصنّف کی ایک کتاب کا نام) میں بیان ہو چکا ہے، (لہٰذا) اِس جگہ چھوڑ دیا گیا ہے تا کہ کتاب لمبی نہ ہو جائے۔

باب دوم در شناختن اجناس اسما وافعال وصرف آں، ودریں باب پنج فصل ست۔ فصل اول در کمیت اجناس ومعرفت آں. بدانکہ جملہ افعال متصرفہ واسمائے متمکنہ بر چہار گونہ است: صحیح ومہموز ومعتل ومضاعف۔

ترجمہ: دوسرا باب اسما اور افعال کی جنسوں کو پہچاننے اور ان کی گردان میں ہے، جس میں پانچ فصلیں ہیں: پہلی فصل جنسوں کی مقدار اور اس کی پہچان میں ہے۔ معلوم ہونا چاہیے کہ تمام افعال متصرفہ اور اسماے متمکنہ چار قسموں پر ہیں. (۱) صحیح (۲) مہموز (۳) معتل (۴) مضاعف۔

تشریح: ۔افعال متصرفہ: وہ افعال ہیں جن سے ماضی، مضارع اور امر حاضر کے صیغے آتے ہوں. جیسے نَصَرَ. یَنْصُرُ. اُنْصُرْ. وغیرہ۔ متصرفہ کی قید سے وہ افعال خارج ہو گئے جن سے تینوں گردان نہ ہوتی ہو، جیسے عَسٰی اور کَرُبَ کہ ان کا مضارع اور امر نہیں آتا۔

اسمائے متمکنہ: اسم متمکن وہ اسم ہے جو کسرہ اور تنوین کو جگہ دے۔ متمکن کی قید سے اسم غیر منصرف اور اسم مبنی کو خارج کرنا مقصود ہے کیونکہ ان کی بحث سے صرفیوں کی کوئی غرض متعلق نہیں ہے۔

اما صحیح آں باشد کہ حرفے از حروف اصلی وے حرف علت وہمزہ ودو حرف صحیح وے از یک جنس نباشد چوں ضَرَبَ، وبَعْثَرَ، ورَجُلٌ، وجَعْفَرٌ

وسَفَرجَلٌ۔﴾

ترجمہ: ۔رہا صحیح تو وہ ایسا کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں حرف علت، ہمزہ اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں، جیسے: ضَرَبَ (اس نے مارا) بَعْثَرَ (اس نے ابھارا، برانگیختہ کیا، آمادہ کیا) رَجُلٌ (مرد) جعْفَرٌ (نالہ) سَفَرجَلٌ (سیب سے مشابہ ایک پھل کا نام)

تشریح: (صحیح) کا لغوی معنی تندرست ہے، لیکن صرفیوں کی اصطلاح میں صحیح وہ اسم یا فعل ہے جس کے حروف اصلی میں نہ حرف علت ہو، نہ ہمزہ ہو اور نہ دو حروف ایک جنس کے ہوں، جیسے: ضَرَبَ فعل ماضی معروف ہے۔اس مثال میں نہ حرف علت ہے، نہ ہمزہ اور نہ ہی دو حروف ایک جنس کے ہیں، اس لیے اس کو ''صحیح'' کہیں گے۔

﴿ومہموز آں باشد کہ حرفے از حروف اصلی وے ہمزہ باشد وآں بر سہ نوع ست: مہموز فا چوں۔ اَمَرَ واَمرٌ۔ومہموز عین چوں سَأَلَ ورَأسٌ، ومہموز لام چوں قَرَأَو کَلَأٌ﴾

ترجمہ: مہموز وہ ایسا کلمہ ہے جس کے اصلی حروف میں سے کوئی حرف ہمزہ ہو، اور مہموز تین قسموں پر ہے: (۱) مہموز فا جیسے اَمَرَ (اس نے حکم دیا) اَمْرٌ (حکم) (۲) مہموز عین جیسے: سَأَلَ (اس نے سوال کیا) رَأْسٌ (سر) (۳) مہموز لام جیسے: قَرَأَ (اس نے پڑھا) کَلَأٌ (گھاس)

تشریح: مہموز فا: وہ اسم یا فعل ہے، جس کے فا کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو، جیسے: أَمَرَ. تو دیکھو کہ یہاں ہمزہ ''فا کلمہ'' کی جگہ پر ہے، لہٰذا اس کو ''مہموز فا'' کہیں گے۔

مہموز عین: وہ اسم یا فعل ہے جس کے عین کلمہ کی جگہ ''ہمزہ'' ہو، جیسے: سَأَلَ اس مثال میں ہمزہ ''عین کلمہ'' کی جگہ ہے، اس لیے اس کو ''مہموز عین'' کہیں گے۔

مہموز لام: وہ اسم یا فعل ہے جس کے لام کلمہ کی جگہ ''ہمزہ'' ہو جیسے: قَرَأَ، تو دیکھو کہ اس مثال میں ہمزہ ''لام کلمہ'' کی جگہ ہے، اس لیے اس کو ''مہموز لام'' کہیں گے۔

﴿معتل آں باشد کہ حرفے از حروف اصلی وے حرف علت باشد، وحروف علت سہ است، واو والف ویا کہ مجموع وے ''وای'' باشد۔﴾

ترجمہ:۔ معتل ایسا کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں سے کوئی حرف، حرف علت ہو۔ حرف علت تین ہیں: واو، الف، اور یا جن کا مجموعہ ''وای'' ہے۔

﴿و معتل بر دو گونہ است معتل بیک حرف و معتل بدو حرف، معتل بیک حرف بر سہ گونہ است، معتل فا چوں وَعَدَ، ویَسَرَ ووَعْدٌ ویُسْرٌ۔ و معتل عین چوں قَالَ وبَاعَ، وبَابٌ، ونَابٌ، و معتل لام چوں دَعَا ،و رَمیٰ، ودَلْوٌ، وظَبْیٌ۔﴾

ترجمہ: معتل دو قسموں پر ہے: معتل بیک حرف، اور معتل بدو حرف۔ معتل بیک حرف کی تین قسمیں ہیں: معتل فا جیسے: وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا) یَسَرَ (اس نے جوا کھیلا) وَعدٌ (وعدہ کرنا) یسرٌ (جوا کھیلنا) (۲) معتل عین جیسے: قَالَ (اس نے کہا) بَاعَ (اس نے بیچا) بَابٌ (دروازہ) نابٌ (دانت) (۳) معتل لام جیسے: دَعَا (اس نے بلایا) رَمیٰ (اس نے تیر پھینکا) دَلوٌ (ڈول) ظَبیٌ (ہرن نر یا مادہ)

تشریح:۔ معتل فا: وہ ہے جس کے فا کلمہ کی جگہ حرف علت ہو جیسے: وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا) اس مثال میں ''واو'' فا کلمہ کی جگہ پر ہے اور وہ حرف علت ہے اس لیے اس کو ''معتل فا'' کہیں گے۔

معتل عین: وہ معتل ہے جس کے عین کلمہ کی جگہ حرف علت ہو، جیسے: قَالَ (اس نے کہا)۔ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، واو چونکہ عین کلمہ کی جگہ پر ہے، لہٰذا اس کو ''معتل عین'' کہیں گے۔

معتل لام: وہ معتل ہے جس کے لام کلمہ کی جگہ حرف علت ہو، جیسے دَعَا (اصل میں دَعَوَ تھا) رَمیٰ (اصل میں رَمَیَ تھا) دَلوٌ، ظَبیٌ۔ ان مثالوں میں واو، اور یا ''لام کلمہ'' کی جگہ پر واقع ہیں، لہٰذا ان کو ''معتل لام'' کہیں گے۔

﴿و معتل بدو حرف دو نوع است، لفیف مفروق، ولفیف مقرون﴾

ترجمہ :۔اور معتل بدو حرف کی دو قسمیں ہیں (۱) لفیف مفروق (۲) لفیف مقرون۔

﴿اما لفیف مفروق آں باشد کہ بجائے فائے فعل ولام فعل وے حرف علت باشد چوں وَشیٰ ووَحیٌ﴾

ترجمہ :لفیف مفروق وہ معتل ہے جس کے ''فا کلمہ'' اور ''لام کلمہ'' کی جگہ حرفِ علت ہو، جیسے: وَشیٰ (اس نے کپڑے پر نقش ونگار کیا) اور وَحیٌ (پیغامِ الٰہی)

﴿ ولفیف مقرون آں باشد کہ بجائے عین فعل ولام فعل وے حرف علت باشد چوں طویٰ وطیٌ﴾

ترجمہ :لفیف مقرون وہ معتل ہے جس کے ''عین'' کلمہ اور ''لام'' کلمہ کی جگہ حرف علت ہو، جیسے: طویٰ (اس نے لپیٹا) اور طیٌ (لپیٹنا)

تشریح : **لفیف مفروق**: وہ اسم یا فعل ہے جس کے فا کلمہ اور لام کلمہ کی جگہ حرف علت ہو، جیسے: وَشَیٰ ہے اس مثال میں (واو) ''فا کلمہ'' کی جگہ پر ہے (ش) ''عین کلمہ'' کی جگہ پر ہے اور (ی) ''لام کلمہ'' کی جگہ پر ہے، لہٰذا اس کو ''لفیفِ مفروق'' کہیں گے۔ اور اگر کسی کلمہ میں حرف علت ملے ہوئے ہوں تو اس کلمہ کو ''لفیف مقرون'' کہتے ہیں جیسے: طَوَیٰ، طَیٌّ، ان مثالوں میں (واو اور یا) دونوں حروفِ علت بالکل ملے ہوئے ہیں۔

﴿ومضاعف آں باشد کہ دو حرف صحیح وے از یک جنس باشد، وآں بر دو نوع است، مضاعف ثلاثی ومضاعف رباعی ﴾

ترجمہ : مضاعف وہ لفظ ہے جس کے حروف اصلی میں دو حرف صحیح ایک جنس کے ہوں، اور اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) مضاعف ثلاثی (۲) مضاعف رباعی۔

﴿اما مضاعف ثلاثی آں باشد کہ عین ولام وے از یک جنس باشد چوں فَرٌّ وعَدٌّ کہ دراصل فَرَرَ وعَدَدَ بودہ است﴾

ترجمہ : **مضاعف ثلاثی**: وہ مضاعف ہے جس کا عین اور لام کلمہ ایک جنس کے

ہوں، جیسے: فَرَّ (وہ بھاگا) اور عَدَّ (شمار کرنا) جو کہ اصل میں فَرَرَ اور عَدَدَ تھے۔

﴿ ومضاعف رباعی آں باشد کہ فا ولام اول وعین ولام ثانی وے از یک جنس باشد چوں زَلْزَلَ و ذَبْذَبَ ﴾

ترجمہ: مضاعف رباعی: وہ مضاعف ہے جس کا ''فا'' اور ''لامِ اول'' ''عین'' اور ''لام ثانی'' ایک جنس کے ہوں، جیسے: زَلْزَلَ (جھنجھوڑ دیا، حرکت دی) اور ذَبْذَبَ (حرکت کی اس ایک مرد نے، یا حیران ہوا وہ ایک مرد)۔

تشریح: فَرَّ (وہ بھاگا) اصل میں ''فَرَرَ'' تھا، اس میں فا (ف) ''فاکلمہ'' کی جگہ پر ہے، اور پہلی را (ر) ''عین کلمہ'' کی جگہ ہے، اور دوسری (ر) ''لام کلمہ'' کی جگہ۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جب دو حروف ایک جنس کے ایک کلمہ میں ایک جگہ جمع ہو جائیں اور دونوں متحرک ہوں تو پہلے والے کو ساکن کر کے دوسرے کو پہلے میں اِدغام کر دیا جاتا ہے، چوں کہ (فَرَرَ) میں دونوں حروف متحرک تھے، اس لیے پہلی (ر) کو ساکن کر کے دوسری (ر) کا پہلے میں ادغام کر دیا گیا فَرَّ ہو گیا. (اسی طرح عَدَّ میں بھی تعلیل کر لیں)

﴿ فصلِ دوم در صرف مہموز ﴾

دوسری فصل مہموز کی گردان کے بیان میں۔

﴿ بداں کہ صرف مہموز با صرف صحیح برابر باشد مگر جائے چند کہ بدو اصل بیروں آید۔ ﴾

ترجمہ: جان لو کہ مہموز کی گردان، صحیح کی گردان کے برابر ہے، ہاں چند جگہوں پر دو اصل کے تحت (مہموز کی گردان صحیح کی گردان سے) ذرا مختلف ہے۔

﴿ اصل اول: ہر ہمزۂ منفردہ کہ ساکن باشد در اسم یا در فعل روا باشد کہ اورا بدل کنند بحرف علت، بروفقِ حرکتِ ماقبل ہمزہ چوں رَاسٌ، و کَاسٌ، وبُوسٌ وذِیبٌ، وبِیرٌ، ویَاخُذُ، ویُوخَذُ، وشِیتَ، کہ در اصل

رَأسٌ، وکَأْسٌ، وبُؤْسٌ، وذِئبٌ، وبِئرٌ، ویَأْخُذُ، ویُؤْخَذُ، وشِئتَ، بودہ است۔

ترجمہ : اصل اول: جو ہمزہ منفردہ ساکن ہو ''اسم'' میں یا ''فعل'' میں، تو اس ہمزہ کو اس کے ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: رَاسٌ (سر) کَاسٌ (پیالہ) بُوسٌ (سختی) ذِیبٌ (بھیڑیا) بِیرٌ (کنواں) یَاخُذُ (وہ پکڑتا ہے یا پکڑے گا) ویُوخَذُ (وہ پکڑا جاتا ہے یا پکڑا جائے گا) شِیتَ (تو نے چاہا) جو اصل میں رَأْسٌ، کَأْسٌ، بُؤْسٌ، ذِئْبٌ، بِئْرٌ، یَأْخُذُ، یُؤْخَذُ، شِئْتَ تھے۔

تشریح : **رَأْسٌ** اس میں ہمزہ منفردہ ساکن ہے اور اس کا ماقبل مفتوح ہے اس لیے ہمزہ کو ''الف'' سے بدل دیا رَاسٌ ہو گیا، اسی طرح کَأْسٌ اور یَأْخُذُ میں بھی۔

بُؤْسٌ : میں ہمزہ منفردہ ساکن اور اس کا ماقبل مضموم ہے اس لیے ہمزہ کو ''واو'' سے بدل دیا بُوسٌ ہو گیا، اسی طرح یُوخَذُ میں بھی۔

ذِیبٌ: یہ اصل میں ذِئْبٌ تھا ''ہمزہ منفردہ'' ساکن اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق یا (ی) سے بدل دیا گیا تو ذِیبٌ ہو گیا، اسی طرح بِیرٌ اور شِیتَ میں بھی۔

اصل دوم ہر جا کہ دو ہمزہ در اول کلمہ بہم آیند و ہمزۂ اول متحرک باشد و دوم ساکن واجب است کہ ہمزۂ دوم را بدل کنند بحرفِ علت بر وفقِ حرکت اول چوں اٰمَنَ، واُومِنَ، واِیمَانًا کہ در اصل أَأْمَنَ، واُؤْمِنَ، واِئْمَانًا بودہ است ابدال در اصل اوّل جائز است و ابراز نیز، و در اصل دوم واجب و ایں حکم در ہمہ بابہا مطرد ست۔

ترجمہ : **اَصل دوم:** کلمہ کے شروع میں جس جگہ دو ''ہمزہ'' جمع ہو جائیں، پہلا ہمزہ متحرک ہو اور دوسرا ساکن، تو واجب ہے کہ دوسرے ''ہمزہ'' کو ہمزۂ اوّل کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدل دیا جائے جیسے اٰمَنَ، اُومِنَ، اِیمَانًا، جو اصل میں أَأْمَنَ، اُؤْمِنَ، اِئْمَانًا تھے۔ پہلی اصل میں ہمزہ کو حرفِ علت سے بدلنا جائز ہے اور ہمزہ کو باقی رکھنا بھی۔ اور دوسری اصل میں دوسرے ہمزہ کو حرفِ

عِلت سے بدلنا واجِب ہے، اور یہ حکم تمام بابوں میں جاری ہوگا۔

تشریح: آمَنَ (ایمان لایا وہ ایک مرد) صیغہ واحد مذکر غائب، آمَنَ اصل میں أأمَــنَ تھا، دو ''ہمزہ'' اول کلمہ میں جمع ہو گئے، ہمزہ اول متحرک اور دوسرا ساکن ہے ۔لہٰذا ہمزہ ثانی کو ہمزہ اول کی حرکت کے موافق حرفِ عِلت ''الف'' سے بدل دیا آمَنَ ہوگیا۔

اسی طرح أُومِــنَ (ایمان لایا گیا) اصل میں أُأمِــنَ تھا ہمزہ ثانی کو اول کی حرکت کے موافق حرفِ علت ''واو'' سے بدل دیا أُومِنَ ہوگیا۔

اِیُمَاناً (ایمان لانا) اصل میں اِئْـمَـانـاً تھا، دوسرے والے ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت (یا) سے بدل دیا، اِیُمَاناً ہوگیا۔

﴿قانون اگر ہمزۂ منفردہ متحرک باشد وماقبل آن ساکن روا باشد کہ حرکت ہمزہ نقل کردہ بماقبل دہند وہمزہ را حذف کنند برائے تخفیف چوں یَسَلُ وقَدَ فُلَحَ کہ دراصل یَسْأَلُ وقَدْ أَفْلَحَ، بودہ است۔﴾

ترجمہ: قاعدہ اگر ہمزہ منفردہ متحرک ہو اور اس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دے دیں گے، اور ہمزہ کو تخفیف کے لیے حذف کر دیں گے جیسے: یَسَلُ، قَدَ فُلَحَ ، جو اصل میں یَسْأَ لُ، اور قَدْ اَفْلَحَ تھے۔

تشریح: یَسَلُ (سوال کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکّر غائب) اصل میں یَسْأَ لُ تھا، ہمزہ منفردہ متحرک ہے اور ماقبل اس کا ساکن ہمزہ کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دے دیا اور ''ہمزہ'' کو تخفیفاً حذف کر دیا یَسَلُ ہوگیا۔

قَدَفُلَحَ: (تحقیق کہ کامیاب ہوا وہ ایک مرد، صیغہ واحد مذکّر غائب) اصل میں قَدْ اَفْلَحَ تھا، ہمزہ منفردہ متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن لھٰذا ہمزہ کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دے دیا اور ہمزہ کو تخفیفاً حذف کر دیا قَدَ فُلَحَ ہوگیا۔

﴿فصل سوم در صرف معتل﴾

ترجمہ : تیسری فصل معتل کی گردان کے بیان میں۔

﴿بدانکہ حرف علت را در کلام عرب ثقیل دارند، ازیں جہت گاہے وے را حذف کنند وگاہے بدل وگاہے ساکن، وثقیل ترین ایشاں واو است پس یا پس الف۔﴾

ترجمہ: جان لوکہ حرف علت کو عربی زبان میں ثقیل سمجھا جاتا ہے اسی وجہ سے کبھی اسے حذف کر دیا جاتا ہے اور کبھی بدل دیا جاتا ہے اور کبھی ساکن کر دیا جاتا ہے، ان میں سب سے زیادہ ثقیل ''واو'' پھر ''یا'' پھر ''الف'' ہے۔

﴿والف ہمیشہ ساکن باشد بے ضغطۂ زبان چوں ''مَا'' و''لا'' وہرچہ متحرک باشد بہ صورتِ الف ویاساکن بضغطہ بود ہمزہ باشد چوں أَمَرَ وسَأَلَ و قَرَأَ و رَأْسٌ وذِئْبٌ. واواختِ ضمہ بود والف اختِ فتحہ ویا اُختِ کسرہ۔﴾

ترجمہ : الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے زبان کے ضغطے (تنگی، جھٹکا) کے بغیر ادا ہوتا ہے جیسے: (مَا) اور (لا) اور الف کی صورت میں جو متحرک ہو، یا ساکن ہو اور زبان کے جھٹکے کے ساتھ ادا ہو تو وہ ''ہمزہ'' ہوگا جیسے: اَمَرَ (اس نے حکم دیا) سَأَلَ (اس نے سوال کیا) قَرَأَ (اس نے پڑھا) رَأْسٌ (سر) ذِئْبٌ (بھیڑیا) واو اختِ ضمہ الف اُختِ فتحہ اور یا اُختِ کسرہ ہے۔

تشریح : کلام عرب میں حرفِ علت کو ثقیل سمجھا جاتا ہے ان میں سب سے زیادہ ثقیل ''واو'' ہے، اس کے بعد ''یا'' پھر اس کے بعد ''الف'' ہے، اسی وجہ سے کبھی ''واو'' اور ''یا'' کو الف سے اور کبھی ''واو'' کو ''یا'' سے بدل دیتے ہیں۔

ہمزہ اور الف کے درمیان فرق : یہ ہے کہ ''الف'' ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور زبان کے جھٹکے کے بغیر ادا ہوتا ہے، جیسے ''مَا اور لا'' اور جو ''الف'' کی صورت میں ہوتا ہے یا تو وہ متحرک ہوگا یا ساکن ہوگا، اگر متحرک ہے تو ہمزہ ہے جیسے

اَمَر، سَأَلَ وغیرہ اگر ساکن ہے اور زبان کے جھٹکے کے ساتھ نکلے تو وہ بھی ''ہمزہ'' ہی ہے جیسے: رَأسٌ، ذِئبٌ، وَاْمُرْ (تو حکم دے) وغیرہ۔

﴿بداں کہ صرف معتل فا با صرف صحیح برابر باشد مگر جائے چند کہ دریں محل یاد کنیم ان شاء اللہ تعالیٰ۔﴾

ترجمہ:۔ جان لو کہ معتل فا کی گردان صحیح کی گردان کے ساتھ برابر ہوتی ہے مگر چند جگہیں (اس سے مستثنیٰ ہیں) جن کو ہم اسی جگہ اِن شاءَ اللہ یاد کریں گے۔

﴿اول آں کہ چوں فا کلمہ واو باشد در بابِ ''فَعَلَ یَفْعِلُ'' بفتح العین فی الماضی و کسرِھا فی الغابر، و در باب ''فَعِلَ یَفْعِلُ'' بکسر العین فیھما، آں واو از مستقبل بیفتد چوں وَجَبَ یَجِبُ، وَمِقَ یَمِقُ کہ دراصل یَوْجِبُ و یَوْمِقُ بودہ است۔﴾

ترجمہ: پہلی جگہ یہ ہے کہ جب ''فا کلمہ'' باب ''فَعَلَ یَفْعِلُ'' یا باب ''فَعِلَ یَفْعِلُ'' میں ''واؤ'' ہو تو وہ ''واؤ'' مستقبل سے گر جاتا ہے جیسے: وَجَبَ (واجب ہوا) یَجِبُ (واجب ہوتا ہے یا ہوگا) وَمِقَ (اس نے محبت کی) یَمِقُ (محبت کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد) جو اصل میں یَوْجِبُ و یَوْمِقُ تھے۔

تشریح: **یَوْجِبُ** فعلِ مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، یَوْجِبُ میں جو ''واؤ'' ہے وہ فا کلمہ کی جگہ پر ہے اور یا (ی) علامتِ مضارع ہے۔

یَجِبُ اصل میں یَوْجِبُ تھا واو واقع ہوا ''فا کلمہ'' کی جگہ لہٰذا واو کو مستقبل (مضارع) سے گرادیا یَجِبُ ہوگیا، یہی تعلیل یَمِقُ میں بھی ہوگی۔

﴿قانون: ہر واو کہ میان یا و کسرۂ لازم افتد و حرکت یا مخالف واو بود، آں واو بیفتد چوں یَعِدُ و مانند آں، و چوں واو از یَعِدُ بیفتد، از تَعِدُ، واَعِدُ، و نَعِدُ، نیز بیفتد تا حکم باب مختلف نگردد اگر چہ واو میان یا و کسرہ نیست۔﴾

ترجمہ: قانون: جو ''واؤ''، ''یا'' اور ''کسرۂ لازم'' کے درمیان واقع ہو، اور یا (ی) کی حرکت واو کے مخالف ہو تو وہ ''واؤ'' گر جاتا ہے جیسے: یَعِدُ (وعدہ کرتا ہے یا

کرے گا وہ ایک مرد) وغیرہ، اور جب یَعِدُ سے ''واؤ'' گر جائے گا تو تَعِدُ (وعدہ کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد) اَعِدُ (وعدہ کرتا ہوں یا کروں گا میں ایک مرد) نَعِدُ (وعدہ کرتے ہیں یا کریں گے ہم سب مرد) سے بھی واو گر جائے گا، تا کہ باب کا حکم مختلف نہ ہو، اگر چہ واو۔یا اور کسرۂ لازم کے درمیان نہیں ہے۔

تشریح: قاعدہ یہ ہے کہ جو ''واؤ'' ''یا'' اور ''کسرۂ لازم'' کے درمیان واقع ہو، اور یا کی حرکت واو کے مخالف ہو تو وہ واو مضارع سے گر جاتا ہے، جیسے: یَوْعِدُ سے یَعِدُ ، ''یَوْعِدُ'' میں ''واؤ'' واقع ہوا ''یا'' اور ''کسرۂ لازم'' کے درمیان اس لیے واو کو حذف کر دیا یَعِدُ ہو گیا۔ (یہی تعلیل، تَعِدُ، اَعِدُ، نَعِدُ میں بھی ہوگی)

﴿ودر یُوْجِبُ واو نیفتاد، زیرا کہ حرکتِ یا موافق واؤ است و چوں واو از مستقبل بیفتد، روا باشد کہ از مصدر او نیز بیفتد چوں یَعِدُ، عِدَۃً، یَزِنُ، زِنَۃً۔﴾

ترجمہ: اور یُوْجِبُ میں ''واؤ'' اس لیے نہیں گرا کہ یا (ی) کی حرکت واو کے موافق ہے اور جب ''واؤ'' مضارع سے گر جائے گا تو اس کے مصدر سے بھی گر جائے گا۔ جیسے: یَعِدُ عِدَۃً، یَزِنُ زِنَۃً۔

تشریح: سوال: قاعدہ یہ ہے کہ جو ''واؤ'' ''یا'' اور ''کسرۂ لازم'' کے درمیان واقع ہو، وہ ''واؤ'' مضارع سے گر جاتا ہے، تو یُوْجِبُ میں واو کو کیوں نہیں گراتے ہیں۔

جواب: یُوْجِبُ میں ''واؤ'' کو اس لیے نہیں گراتے ہیں کہ ''یا'' کی حرکت ''واؤ'' کے موافق ہے مخالف نہیں، اس لیے واو نہیں گرے گا۔

یَعِدُ: وعدہ کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد، فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، باب (ضَرَبَ) عِدَۃٌ یہ مصدر ہے (وعدہ کرنا)

یَزِنُ: تولتا ہے یا تولے گا وہ ایک مرد، فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، باب (ضَرَبَ) زِنَۃٌ یہ مصدر ہے۔ وَزَنَ یَزِنُ زِنَۃً (تولنا)

عِدَۃٌ: یہ اصل میں وِعْدٌ تھا، جب مضارع سے ''واؤ'' گر گیا، تو اس کے مصدر سے بھی گر جائے گا، اور جب مصدر سے واو کو گرا دیا جائے گا تو اس ''واؤ'' کے عوض میں

"ۃ" آخر میں لائیں گے۔ اسی طرح زِنَۃٌ میں بھی۔

﴿قانون فعل از وجہ اعلال اصل است و مصدر فرع وے، وایں نزدیک کوفیان است، ونزدیک بصریان مصدر اصل است و فعل فرع وے از وجہ اشتقاق﴾

ترجمہ: قاعدہ: فعل تعلیل کی جہت سے اصل ہے اور مصدر اس کی فرع ہے اور یہ کوفیوں کے نزدیک ہے، اور بصریوں کے نزدیک مصدر اصل ہے، اور فعل اس کی فرع ہے اشتقاق کی جہت سے۔

﴿چوں خواہند کہ فرع را با اصل برابر کنند ایں ہارا در تصحیح واعلال بر یک دیگر قیاس کنند۔ چوں قَامَ قِیَاماً وقَاوَمَ قِوَاماً واو در قِیَاماً متغیر شد زیرا کہ در قَامَ متغیر شدہ است۔ و در قِوَاماً بسلامت ماند ازاں چہ در قَاوَمَ سالم ماندہ است۔﴾

ترجمہ: جب چاہتے ہیں کہ فرع کو اصل کے ساتھ برابر کریں تو ان دونوں کو تصحیح اور تعلیل میں ایک دوسرے پر قیاس کرتے ہیں، جیسے: قَامَ (کھڑا ہوا وہ ایک مرد) قیاماً (کھڑا ہونا) اور قَاوَمَ قِوَاماً، "واو" قِیَاماً میں بدل دیا گیا، اس لیے کہ "قَامَ" میں بدل دیا گیا ہے، اور قَاوَمَ میں سلامت رہا، اس لیے کہ قِوَاماً میں سلامت رہا ہے۔

تشریح: قَامَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکّر غائب، اصل میں قَوَمَ تھا، "واؤ" متحرک ماقبل اس کا مفتوح اس لیے "واؤ" کو الف سے بدل دیا قَامَ ہو گیا۔

قِیَاماً: یہ مصدر ہے جو اصل میں قِوَاماً تھا چوں کہ اس کے فعل قَامَ میں تعلیل ہوئی ہے، اس لیے قِیَاماً میں تعلیل ہوگی۔

قَاوَمَ: فعل ماضی معروف، یہ بابِ مفاعلت سے آیا ہے چوں کہ قَاوَمَ میں تعلیل نہیں ہوئی ہے اس لیے قِوَاماً میں بھی تعلیل نہیں ہوگی۔

﴿دوم آں کہ واو یا گردد در مصدرِ بابِ افعال واستفعال چوں اَوْقَدَ، اِیْقَاداً، واِسْتَوْقَدَ، اِسْتِیْقَاداً۔﴾

ترجمہ: دوسری جگہ یہ ہے کہ بابِ اِفْعَال اور اِسْتِفْعَال کے مصدر میں "واؤ" یا (ی) ہو جاتا ہے جیسے: اَوْقَدَ (آگ روشن کی) اِیْقَاداً، اور اِسْتَوْقَدَ

(آگ روشن کی) اِسْتِیْقَاداً۔

تشریح :اِیْقَادًا (آگ روشن کرنا) یہ اصل میں اِوْقَاداً تھا جو بابِ افعال کا مصدر ہے "واؤ" کو یا (ی) سے بدل دیا اِیْقَاداً ہو گیا، اسی طرح اِسْتِوْقَاداً سے اِسْتِیقَاداً، جو باب استفعال کا مصدر ہے واو کو یا (ی) سے بدل دیا اِسْتِیقَاداً ہو گیا۔

﴿قانون ہر واو کہ ساکن باشد و ما قبل اُو مکسور، آں واو یا گردد۔ چوں مِیْزَانٌ و اِیْجَلُ کہ دراصل مِوْزَانٌ، و اِوْجَلُ بودہ است۔﴾

ترجمہ :جو واو ساکن ہو اور اس کا ما قبل "مکسور" تو وہ واو یا (ی) ہو جاتا ہے جیسے: مِیْزَانٌ (ترازو) اِیْجَلُ (ڈرتو ایک مرد) جو اصل میں مِوْزَانٌ اور اِوْجَلُ تھے۔

تشریح : مِیزانٌ یہ اصل میں مِوْزَانٌ تھا چونکہ مِوْزَانٌ میں "واؤ" ساکن اور اس کا ما قبل "مکسور" ہے، اس لیے واو کو یا (ی) سے بدل دیا مِیْزَانٌ ہو گیا، یہی تعلیل اِیْجَلُ میں بھی ہوگی۔

﴿سوم آں کہ یا واو گردد چوں علامتِ استقبال بضم شود چوں یُوْسِرُ، و یُوْمِنُ کہ دراصل یُیْسِرُ، و یُیْقِنُ بودہ است﴾

ترجمہ : تیسری جگہ یہ ہے کہ یا (ی) واو ہو جاتی ہے، جب علامتِ مضارع مضموم ہو جیسے: یُوْسِرُ (مالدار ہوتا ہے یا ہوگا وہ ایک مرد) یُوْقِنُ یقین کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد) جو اصل میں یُیْسِرُ، یُیْقِنُ تھے۔

تشریح :یُوْسِرُ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، یُوْقِنُ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں یُیْقِنُ تھا، یا ساکن ما قبل اس کا مضموم لہذا اس یا کو واو سے بدل دیا ضمۂ ما قبل کی مناسبت سے یُوْقِنُ ہو گیا۔

﴿قانون ہر یا کہ ساکن باشد و ما قبل آں مضموم، آں یا واو گردد چناں کہ بالا گزشت۔﴾

ترجمہ : قاعدہ: ہر وہ یا جو ساکن ہو اور اس کا ما قبل مضموم ہو، وہ یا "واؤ" ہو جاتی ہے جیسا کہ اوپر گزر چکا۔

﴿چہارم آں کہ ہر واو و یا کہ در فا کلمہ باب افتعال اصلی باشد تا گردد،

وتا در تا مدغم شود چوں اِتَّقَدَ یَتَّقِدُ اِتِّقَاداً، اِتَّسَرَ یَتَّسِرُ اِتِّسَاراً۔

ترجمہ: چوتھی جگہ یہ ہے کہ جو "یا اور واؤ" بابِ اِفْتِعال کے فا کلمہ کی جگہ میں اصلی ہو، تا (ت) سے بدل جاتا ہے اور تا کو تا میں ادغام کر دیا جاتا ہے جیسے: اِتَّقَدَ، یَتَّقِدُ الخ

تشریح: اِتَّقَدَ آگ روشن کی اس ایک مرد نے، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، بروزنِ اِجْتَنَبَ باب افتعال سے، مادہ: وق د۔

اِتَّقَدَ: یہ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا واوا صلی واقع ہوا باب افتعال کے فا کلمہ میں لھذا اس واو کو تا (ت) سے بدل کرتا کا تا میں ادغام کر دیا اِتَّقَدَ ہو گیا۔ اسی طرح اِتَّسَرَ میں یا کو تا سے بدل کرتا کا تا میں ادغام کیا گیا ہے کیونکہ وہ اصل میں اِیْتَسَرَ تھا۔

یَتَّقِدُ: آگ روشن کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد، فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اِتِّقَاداً یہ بابِ اِفتعال کا مصدر ہے (آگ روشن کرنا)

یَتَّسِرُ: جوا کھیلتا ہے یا کھیلے گا وہ ایک مرد فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں یَیْتَسِرُ تھا اِتِّسَاراً (جوا کھیلنا) یہ بابِ افتعال کا مصدر ہے۔

در صرفِ معتل عین بہ ہمہ باب تعلیل وتغیر بسیار افتد مگر در باب تفعیل وتفعُّل وتفاعُل ومفاعلۃ کہ صرف ایں چہار باب با صرف صحیح برابر باشد وسیاقت صرف وے ایں است۔ از باب فعل یفعُلُ بفتح العین فی الماضی وضمھا فی الغابر چوں القولُ گفتن۔

ترجمہ: معتل عین کے تمام ابواب کی گردانوں میں تعلیلات اور تغیرات زیادہ ہوتے ہیں، مگر باب تَفْعِیْلٌ، تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ اور مُفَاعَلَۃٌ میں کہ ان چاروں ابواب کی گردان، صحیح کی گردان کے ساتھ برابر ہیں، اور اس کی گردان کا طریقہ یہ ہے۔ ماضی میں "عین" کے فتحہ کے ساتھ اور مضارع میں "عین" کے ضمہ کے ساتھ جیسے: القولُ مصدر بمعنیٰ (کہنا)

گردان فعل ماضی معروف

صیغہ	معنی	لفظ
واحد مذکّر غائب	کہا اس ایک مرد نے	قَالَ
تثنیہ مذکّر غائب	کہا ان دو مردوں نے	قَالَا
جمع مذکّر غائب	کہا ان سب مردوں نے	قَالُوا
واحد مؤنث غائب	کہا اس ایک عورت نے	قَالَتْ
تثنیہ مؤنث غائب	کہا ان دو عورتوں نے	قَالَتَا
جمع مؤنث غائب	کہا اُن سب عورتوں نے	قُلْنَ
واحد مذکّر حاضر	کہا تو ایک مرد نے	قُلْتَ
تثنیہ مذکّر حاضر	کہا تم دو مردوں نے	قُلْتُمَا
جمع مذکّر حاضر	کہا تم سب مردوں نے	قُلْتُمْ
واحد مؤنث حاضر	کہا تو ایک عورت نے	قُلْتِ
تثنیہ مؤنث حاضر	کہا تم دو عورتوں نے	قُلْتُمَا
جمع مؤنث حاضر	کہا تم سب عورتوں نے	قُلْتُنَّ
واحد متکلم (مذکّر و مؤنث)	کہا میں نے ایک (مرد یا عورت)	قُلْتُ
جمع متکلم (مذکّر و مؤنث)	کہا ہم سب نے (مرد یا عورت)	قُلْنَا

تشریح: قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا واو متحرک ماقبل اس کا مفتوح اس لیے اس واو کو ''الف'' سے بدل دیا قَالَ ہو گیا۔ یہی تعلیل قَالَتَا تک ہوگی۔

قُلْنَ: اصل میں قَوَلْنَ تھا واو متحرک ماقبل اس کا مفتوح اس لیے اس واو کو ''الف'' سے بدل دیا قَالْنَ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا ''الف'' اور لام کے درمیان

الف کو گرادیا قَلْنَ ہوا، اس کے بعد (قاف) کے فتحہ کو ضمہ سے بدل دیا تا کہ دلالت کرے ''واؤ'' کے حذف ہونے پر قُلْنَ ہو گیا، یہی تعلیل قُلْنَا تک ہوگی۔

گردان فعل ماضی مجہول

صیغہ	معنی	لفظ
واحد مذکر غائب	کہا گیا وہ ایک مرد	قِيلَ
تثنیہ مذکّر غائب	کہے گئے وہ دو مرد	قِيلَا
جمع مذکّر غائب	کہے گئے وہ سب مرد	قِيلُوا
واحد مؤنث غائب	کہی گئی وہ ایک عورت	قِيلَتْ
تثنیہ مؤنث غائب	کہی گئیں وہ دو عورتیں	قِيلَتَا
جمع مؤنث غائب	کہی گئیں وہ سب عورتیں	قُلْنَ
واحد مذکّر حاضر	کہا گیا تو ایک مرد	قُلْتَ
تثنیہ مذکّر حاضر	کہے گئے تم دو مرد	قُلْتُمَا
جمع مذکّر حاضر	کہے گئے تم سب مرد	قُلْتُمْ
واحد مؤنث حاضر	کہی گئی تو ایک عورت	قُلْتِ
تثنیہ مؤنث حاضر	کہی گئیں تم دو عورتیں	قُلْتُمَا
جمع مؤنث حاضر	کہی گئیں تم سب عورتیں	قُلْتُنَّ
واحد متکلم (مذکّر و مؤنث)	کہا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	قُلْتُ
جمع متکلم (مذکّر و مؤنث)	کہے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	قُلْنَا

تشریح: قِيلَ اصل میں قُوِلَ تھا بروزن نُصِرَ، واو پر کسرہ ضمہ کے بعد دشوار رکھ کر واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا، ماقبل کی حرکت دور کر دیا قِوْلَ ہوا

اب قاعدہ پایا گیا کہ واو ساکن ماقبل اس کا مکسور اس لیے ''واؤ'' کو یا (ی) سے بدل دیا قِیلَ ہو گیا۔ (یہی تعلیل قِیلَتا تک ہو گی)

قُلْنَ: اصل میں قُوِلْنَ تھا واو پر کسرہ ضمہ کے بعد دشوار ہے لہذا ''واؤ'' کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اور قاف (ق) کی حرکت زائل کر دیا قِوْلْنَ ہوا اب قاعدہ پایا گیا کہ واو ساکن ماقبل اس کا مکسور اس لیے اس واو کو یا سے بدل دیا قِیلن ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا یا (ی) اور لام'' میں یا کو گرادیا اور (ق) کے کسرہ کو ضمہ سے بدل دیا تا کہ دلالت کرے ''واؤ'' کے حذف ہونے پر قُلْنَ ہو گیا (قُلْنَ) سے قُلْنَا تک یہی تعلیل ہو گی)

اثبات فعل مضارع معروف

لفظ	معنی	صیغہ
یَقُوْلُ	کہتا ہے یا کہے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
یَقُوْلَانِ	کہتے یا کہیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
یَقُوْلُوْنَ	کہتے یا کہیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
تَقُوْلُ	کہتی یا کہے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
تَقُوْلَانِ	کہتی ہیں یا کہیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
یَقُلْنَ	کہتی ہیں یا کہیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
تَقُوْلُ	کہتا ہے یا کہے گا تو یک مرد	واحد مذکر حاضر
تَقُوْلَانِ	کہتے ہو یا کہو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
تَقُوْلُوْنَ	کہتے ہو یا کہو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
تَقُوْلِیْنَ	کہتی ہے یا کہے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
تَقُوْلَانِ	کہتی ہو یا کہو گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
تَقُلْنَ	کہتی ہو یا کہو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر

اَقُوْلُ	کہتا ہوں یا کہوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَقُوْلُ	کہتے یا کہیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تشریح: فعل مضارع وہ فعل ہے جو زمانہ حال (موجودہ) یا استقبال (آئندہ) میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے، جیسے ''یَقْرَأُ'' پڑھتا ہے یا پڑھے گا وہ ایک مرد (زمانہ حال یا آئندہ میں) ''علامتِ مضارع'' چار ہیں (۱) الف (۲) تا (۳) یا (۴) نون، جس کا کا مجموعہ (اَتین) ہوتا ہے۔

یَقُوْلُ: اصل میں یَقْوُلُ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن واو کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل کو دیدیا، یَقُوْلُ ہوگیا، (یہی تعلیل تقولان تک ہوگی)

یَقُلْنَ: اصل میں یَقْوُلْنَ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن واو کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دیدیا یَقُوْلْنَ ہوا اب اجتماع ساکنین ہوگیا ''واو'' اور ''لام'' میں واو کو گرادیا یَقُلْنَ ہوگیا۔

اثبات فعل مضارع مجہول

لفظ	معنی	صیغہ
یُقَالُ	کہا جاتا ہے یا کہا جائیگا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
یُقَالَانِ	کہے جاتے ہیں یا کہے جائیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
یُقَالُوْنَ	کہے جاتے ہیں یا کہے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
تُقَالُ	کہی جاتی ہے یا کہی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
تُقَالَانِ	کہی جاتیں ہیں یا کہی جائیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
یُقَلْنَ	کہی جاتی ہیں یا کہی جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
تُقَالُ	کہا جاتا ہے یا کہا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
تُقَالَانِ	کہے جاتے ہو یا کہے جاؤ گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر

تُقَالُوْنَ	کہے جاتے ہیں یا کہے جائیں گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
تُقَالِيْنَ	کہی جاتی ہے یا کہی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
تُقَالَانِ	کہی جاتی ہو یا کہی جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
تُقَلْنَ	کہی جاتی ہو یا کہی جاؤ گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
اُقَالُ	کہا جاتا ہوں یا کہا جاؤں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نُقَالُ	کہے جاتے ہیں یا کہے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تشریح :یُقَالُ اصل میں یُقْوَلُ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن، اس لیے واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا، یُقَوْلُ ہوا، اب قاعدہ پایا گیا کہ واو اصل میں متحرک تھا اس کا ماقبل اب مفتوح ہو گیا اس لیے واو کو ''الف'' سے بدل دیا یُقَالُ ہو گیا، (یہی تعلیل تُقَالَان تک ہو گی)

یُقَلْنَ: اصل میں یُقْوَلْنَ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا یُقَوْلْنَ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا ''واو'' اور ''لام'' میں واو کو گرا دیا یُقَلْنَ ہو گیا۔

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف

لفظ	معنی	صیغہ
لَنْ يَّقُوْلَ	ہرگز نہیں کہے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَنْ يَّقُوْلَا	ہرگز نہیں کہیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَنْ يَّقُوْلُوْا	ہرگز نہیں کہیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَنْ تَقُوْلَ	ہرگز نہیں کہے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَنْ تَقُوْلَا	ہرگز نہیں کہیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب

لَنْ يَقُلْنَ	ہرگز نہیں کہیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَنْ تَقُوْلَ	ہرگز نہیں کہے گا تو یک مرد	واحد مذکّر حاضر
لَنْ تَقُوْلَا	ہرگز نہیں کہو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکّر حاضر
لَنْ تَقُوْلُوْا	ہرگز نہیں کہو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَنْ تَقُوْلِي	ہرگز نہیں کہے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَنْ تَقُوْلَا	ہرگز نہیں کہو گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَنْ تَقُلْنَ	ہرگز نہیں کہو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَنْ اَقُوْلَ	ہرگز نہیں کہوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکّر و مؤنث)
لَنْ نَقُوْلَ	ہرگز نہیں کہیں گے ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکّر و مؤنث)

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل مجہول

لفظ	معنی	صیغہ
لَنْ يُقَالَ	ہرگز نہیں کہا جائیگا وہ ایک مرد	واحد مذکّر غائب
لَنْ يُقَالَا	ہرگز نہیں کہے جائیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکّر غائب
لَنْ يُقَالُوْا	ہرگز نہیں کہے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکّر غائب
لَنْ تُقَالَ	ہرگز نہیں کہی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَنْ تُقَالَا	ہرگز نہیں کہی جائیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَنْ يُقَلْنَ	ہرگز نہیں کہی جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَنْ تُقَالَ	ہرگز نہیں کہا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکّر حاضر
لَنْ تُقَالَا	ہرگز نہیں کہے جائیں گے تم دو مرد	تثنیہ مذکّر حاضر
لَنْ تُقَالُوْا	ہرگز نہیں کہے جائیں گے تم سب مرد	جمع مذکّر حاضر

لَنْ تُقَالِی	ہرگز نہیں کہی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَنْ تُقَالَا	ہرگز نہیں کہی جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَنْ تُقَلْنَ	ہرگز نہیں کہی جاؤ گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَنْ اُقَالَ	ہرگز نہیں کہا جاؤں گا میں (مرد یا عورت)	واحد متکلم مذکر، مؤنث
لَنْ نُقَالَ	ہرگز نہیں کہے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم مذکر، مؤنث

﴿نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف﴾

لفظ	معنی	صیغہ
لَمْ یَقُلْ	نہیں کہا اس ایک مرد نے	واحد مذکّر غائب
لَمْ یَقُوْلَا	نہیں کہا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکّر غائب
لَمْ یَقُوْلُوْا	نہیں کہا ان سب مردوں نے	جمع مذکّر غائب
لَمْ تَقُلْ	نہیں کہا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
لَمْ تَقُوْلَا	نہیں کہا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
لَمْ یَقُلْنَ	نہیں کہا اُن سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
لَمْ تَقُلْ	نہیں کہا تو ایک مرد نے	واحد مذکّر حاضر
لَمْ تَقُوْلَا	نہیں کہا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکّر حاضر
لَمْ تَقُوْلُوْا	نہیں کہا تم سب مردوں نے	جمع مذکّر حاضر
لَمْ تَقُوْلِی	نہیں کہا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
لَمْ تَقُوْلَا	نہیں کہا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
لَمْ تَقُلْنَ	نہیں کہا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
لَمْ اَقُلْ	نہیں کہا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکّر و مؤنث)

لَمْ نَقُلْ	نہیں کہا ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تشریح :لَمْ یَقُلْ اصل میں لَمْ یَقُوْلُ تھا، واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا لَمْ یَقُوْلْ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا واو اور لام میں ''واو'' کو گرادیا لَمْ یَقُلْ ہو گیا، (یہی تعلیل لَمْ تَقُلْ، لَمْ اَقُلْ، میں ہو گی) باقی صیغوں میں یَقُوْلُ والی تعلیل ہو گی۔

نفی جحد بلم در فعل مضارع مجہول

لفظ	معنی	صیغہ
لَمْ یُقَلْ	نہیں کہا گیا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَمْ یُقَالَا	نہیں کہے گئے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَمْ یُقَالُوْا	نہیں کہے گئے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَمْ تُقَلْ	نہیں کہی گئی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَمْ تُقَالَا	نہیں کہی گئیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَمْ یُقَلْنَ	نہیں کہی گئیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَمْ تُقَلْ	نہیں کہا گیا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَمْ تُقَالَا	نہیں کہے گئے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَمْ تُقَالُوْا	نہیں کہے گئے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَمْ تُقَالِی	نہیں کہی گئی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَمْ تُقَالَا	نہیں کہی گئیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَمْ تُقَلْنَ	نہیں کہی گئیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَمْ اُقَلْ	نہیں کہا گیا میں (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)

لَمْ نُقَلْ	نہیں کہے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

تشریح: لَمْ یُقَلْ اصل میں لَمْ یُقْوَلْ تھا، واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا لَمْ یُقَوْلْ ہوا، اب قاعدہ پایا گیا کہ واو اصل میں متحرک تھا، اس کا ماقبل اب مفتوح ہو گیا ہے اس لیے واو کو ''الف'' سے بدل دیا، لَمْ یُقَالْ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا الف اور لام میں ''الف'' کو گرادیا لَمْ یُقَلْ ہو گیا، یہی تعلیل لَمْ یُقَلْنَ، لَمْ تُقَلْ، لَمْ اُقَلْ میں ہوگی۔

لامِ تاکید بانونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل معروف

لفظ	معنی	صیغہ
لَیَقُوْلَنَّ	ضرور ضرور کہے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَیَقُوْلَانِّ	ضرور ضرور کہیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَیَقُوْلُنَّ	ضرور ضرور کہیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَتَقُوْلَنَّ	ضرور ضرور کہے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتَقُوْلَانِّ	ضرور ضرور کہیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَیَقُلْنَانِّ	ضرور ضرور کہیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَتَقُوْلَنَّ	ضرور ضرور کہے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَتَقُوْلَانِّ	ضرور ضرور کہو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَتَقُوْلُنَّ	ضرور ضرور کہو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتَقُوْلِنَّ	ضرور ضرور کہے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَتَقُوْلَانِّ	ضرور ضرور کہو گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَتَقُلْنَانِّ	ضرور ضرور کہو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَاَقُوْلَنَّ	ضرور ضرور کہوں گا میں ایک مرد یا عورت	واحد متکلم مذکر ومؤنث

لَنَقُولَنَّ	ضرور ضرور کہیں گے ہم سب مرد یا عورتیں	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

لامِ تاکید بانونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل مجہول

لفظ	معنی	صیغہ
لَیُقَالَنَّ	ضرور ضرور کہا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَیُقَالَانِّ	ضرور ضرور کہے جائیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَیُقَالُنَّ	ضرور ضرور کہے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَتُقَالَنَّ	ضرور ضرور کہی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتُقَالَانِّ	ضرور ضرور کہی جائیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَیُقَلْنَانِّ	ضرور ضرور کہی جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَتُقَالَنَّ	ضرور ضرور کہا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَتُقَالَانِّ	ضرور ضرور کہے جاؤ گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَتُقَالُنَّ	ضرور ضرور کہے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتُقَالِنَّ	ضرور ضرور کہی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَتُقَالَانِّ	ضرور ضرور کہی جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَتُقَلْنَانِّ	ضرور ضرور کہی جاؤ گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَاُقَالَنَّ	ضرور ضرور کہا جاؤں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم مذکر و مؤنث
لَنُقَالَنَّ	ضرور ضرور کہے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم مذکر و مؤنث

لامِ تاکید بانونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل معروف

لفظ	معنی	صیغہ

لَيَقُوْلَنْ	ضرور ضرور کہے گا وہ ایک مرد	واحد مذکّر غائب
لَيَقُوْلُنْ	ضرور ضرور کہیں گے وہ سب مرد	جمع مذکّر غائب
لَتَقُوْلَنْ	ضرور ضرور کہے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتَقُوْلَنْ	ضرور ضرور کہے گا تو ایک مرد	واحد مذکّر حاضر
لَتَقُوْلُنْ	ضرور ضرور کہو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتَقُوْلِنْ	ضرور ضرور کہے گی تو ایک عورت	جمع مؤنث حاضر
لَاَقُوْلَنْ	ضرور ضرور کہوں گا میں ایک مرد یا عورت	واحد متکلم مذکر و مؤنث
لَنَقُوْلَنْ	ضرور ضرور کہیں گے ہم سب مرد یا عورت	جمع متکلم مذکر و مؤنث

﴿لامِ تاکید با نونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل مجہول﴾

لفظ	معنی	صیغہ
لَيُقَالَنْ	ضرور ضرور کہا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکّر غائب
لَيُقَالُنْ	ضرور ضرور کہے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکّر غائب
لَتُقَالَنْ	ضرور ضرور کہی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتُقَالَنْ	ضرور ضرور کہا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکّر حاضر
لَتُقَالُنْ	ضرور ضرور کہے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتُقَالِنْ	ضرور ضرور کہی جائے گی تو ایک عورت	جمع مؤنث حاضر
لَاُقَالَنْ	ضرور ضرور کہا جاؤں گا میں ایک مرد یا عورت	واحد متکلم (مذکر یا مؤنث)
لَنُقَالَنْ	ضرور ضرور کہے جائیں گے ہم سب مرد یا عورت	جمع متکلم (مذکر یا مؤنث)

امر حاضر معروف

صیغہ	معنیٰ	لفظ
واحد مذکر حاضر	کہہ تو ایک مرد	قُلْ
تثنیہ مذکر حاضر	کہو تم دو مرد	قُوْلَا
جمع مذکر حاضر	کہو تم سب مرد	قُوْلُوْا
واحد مؤنث حاضر	کہہ تو ایک عورت	قُوْلِی
تثنیہ مؤنث حاضر	کہو تم دو عورتیں	قُوْلَا
جمع مؤنث حاضر	کہو تم سب عورتیں	قُلْنَ

تعلیل: **قُلْ** اصل میں اُقْوُلْ تھا (بروزنِ اُنْصُرْ) بابِ (نَصَرَ) واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اُقُوْلْ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہو گیا واو اور لام میں ''واو'' کو گرا دیا اُقُلْ ہوا، ہمزۂ وصل لایا گیا تھا ابتدا بسکون لازم آنے کی وجہ سے اب ابتدا بسکون لازم نہیں آرہا ہے، لہذا ضرورت نہ رہنے کی وجہ سے ہمزۂ وصل کو بھی گرا دیا قُلْ ہو گیا۔ (یہی تعلیل قُلْنَ میں بھی ہوگی)

قُوْلَا: اصل میں اُقْوُلَا تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن، واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اُقُوْلَا ہوا، ہمزہ کو استغنا کی وجہ سے گرا دیا قُوْلَا ہو گیا۔ (یہی تعلیل قُوْلُوْا، قُوْلِی، میں بھی ہوگی)

امر حاضر مجہول

صیغہ	معنیٰ	لفظ
واحد مذکر حاضر	چاہیئے کہ کہا جائے تو ایک مرد	لِتُقَلْ
تثنیہ مذکر حاضر	چاہیئے کہ کہے جاؤ تم دو مرد	لِتُقَالَا

لِتُقَالُوْا	چاہئے کہ کہے جاؤتم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لِتُقَالِی	چاہئے کہ کہی جائے تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لِتُقَالَا	چاہئے کہ کہی جاؤتم دوعورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لِتُقَلْنَ	چاہئے کہ کہی جاؤتم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر

تشریح: لِتُقَلْ اصل میں لِتُقْوَلْ تھا اس میں لم یُقَلْ والی تعلیل ہوگی۔

امر غائب معروف

لفظ	معنیٰ	صیغہ
لِیَقُلْ	چاہئے کہ کہے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لِیَقُوْلَا	چاہئے کہ کہیں وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب
لِیَقُوْلُوْا	چاہئے کہ کہیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لِتَقُلْ	چاہئے کہ کہے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لِتَقُوْلَا	چاہئے کہ کہیں وہ دوعورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لِیَقُلْنَ	چاہئے کہ کہیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لِاَقُلْ	چاہئے کہ کہوں میں ایک مرد یا عورت	واحد متکلم مذکر ومؤنث
لِنَقُلْ	چاہئے کہ کہیں ہم سب مرد یا عورتیں	جمع متکلم مذکر ومؤنث

تشریح : لِیَقُلْ اصل میں لِیَقْوُلْ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرف صحیح ساکن، واو کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل کو دیدیا لِیَقُوْلْ ہوا، اب اجتماع ساکنین ہوگیا واو اور لام میں ''واو'' کو گرادیا لِیَقُلْ ہوگیا۔ (یہی تعلیل لِتَقُلْ، لِیَقُلْنَ، لِاَقُلْ ، لِنَقُلْ میں ہوگی)
لِیَقُوْلَا اصل میں لِیَقْوُلَا تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن، واو کی

حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا لِیقُولَا ہو گیا۔(یہی تعلیل لِیقُولُوا میں ہوگی۔

امر غائب مجہول

صیغہ	معنیٰ	لفظ
واحد مذکر غائب	چاہئے کہ کہا جائے وہ ایک مرد	لِیُقَلْ
تثنیہ مذکر غائب	چاہئے کہ کہے جائیں وہ دو مرد	لِیُقَالَا
جمع مذکر غائب	چاہئے کہ کہے جائیں وہ سب مرد	لِیُقَالُوْا
واحد مؤنث غائب	چاہئے کہ کہی جائے وہ ایک عورت	لِتُقَلْ
تثنیہ مؤنث غائب	چاہئے کہ کہی جائیں وہ دو عورتیں	لِتُقَالَا
جمع مؤنث غائب	چاہئے کہ کہی جائیں وہ سب عورتیں	لِیُقَلْنَ
واحد متکلم (مذکر و مؤنث)	چاہئے کہ کہا جاؤں میں ایک مرد یا عورت	لِاُقَلْ
جمع متکلم (مذکر و مؤنث)	چاہئے کہ کہیں جائیں ہم سب مرد یا عورتیں	لِنُقَلْ

تشریح لِیُقَلْ اصل میں لِیُقْوَلْ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن ، واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا لِیُقَوْلْ ہوا، اس کے بعد قاعدہ پایا گیا کہ واو اصل میں متحرک تھا اس کا ماقبل اب مفتوح ہو گیا اس لیے اس واو کو الف سے بدل دیا ، اب اجتماع ساکنین ہو گیا الف اور لام میں "الف" کو گرا دیا لِیُقَلْ ہو گیا (یہی تعلیل لِاُقَلْ ، لِنُقَلْ ، میں بھی ہوگی) باقی میں یُقَالُ والی ہوگی۔

امر حاضر معروف بانونِ ثقیلہ

صیغہ	معنیٰ	لفظ
واحد مذکر حاضر	ضرور کہہ تو ایک مرد	قُوْلَنَّ
تثنیہ مذکر حاضر	ضرور کہو تم دو مرد	قُوْلَانِّ

قُوْلُنَّ	ضرور کہو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
قُوْلِنَّ	ضرور کہہ تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
قُوْلَانِّ	ضرور کہو تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
قُلْنَانِّ	ضرور کہو تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر

تشریح: قُوْلَنَّ اصل میں اُقْوُلَنَّ تھا واو متحرک ماقبل اس کا حرفِ صحیح ساکن، واو کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اُقُـوْلَـنَّ ہوا، ہمزۂ وصل لایا گیا تھا ابتدا بسکون لازم آنے کی وجہ سے، لہذا ضرورت نہ رہنے کی وجہ سے ہمزہ کو حذف کر دیا قُوْلَنَّ ہو گیا ۔(یہی تعلیل قُوْلَانِّ تک ہوگی)

امر حاضر مجہول با نونِ ثقیلہ

لفظ	معنیٰ	صیغہ
لِتُقَالَنَّ	چاہیے کہ ضرور کہا جائے تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لِتُقَالَانِّ	چاہیے کہ ضرور کہے جاؤ تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لِتُقَالُنَّ	چاہیے کہ ضرور کہے جاؤ تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لِتُقَالِنَّ	چاہیے کہ ضرور کہی جائے تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لِتُقَالَانِّ	چاہیے کہ ضرور کہی جاؤ تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لِتُقَلْنَان	چاہیے کہ ضرور کہی جاؤ تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر

امر غائب معروف با نونِ ثقیلہ

لفظ	معنیٰ	صیغہ
لِيَقُوْلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کہے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب

معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں یَذْبُبُ تھا بروزنِ یَنْصُرُ، دو حرف ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور دونوں متحرک ہیں اور اس کا ماقبل بھی ساکن ہے لہذا اوّل با (ب) کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل کو دیدیا اس کے بعد اول با (ب) کو دوسرے با (ب) میں اِدغام کردیا یَذُبُّ ہوگیا۔

نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف ومجہول

مَعروف	مجہول	صیغہ
لَمْ یَذُبَّ	لَمْ یُذَبَّ	واحد مذکّر غائب
لَمْ یَذُبَّا	لَمْ یُذَبَّا	تثنیہ مذکّر غائب
لَمْ یَذُبُّوْا	لَمْ یُذَبُّوْا	جمع مذکّر غائب
لَمْ تَذُبَّ	لَمْ تُذَبَّ	واحد مؤنث غائب
لَمْ تَذُبَّا	لَمْ تُذَبَّا	تثنیہ مؤنث غائب
لَمْ یَذْبُبْنَ	لَمْ یُذْبَبْنَ	جمع مؤنث غائب
لَمْ تَذُبَّ	لَمْ تُذَبَّ	واحد مذکّر حاضر
لَمْ تَذُبَّا	لَمْ تُذَبَّا	تثنیہ مذکّر حاضر
لَمْ تَذُبُّوْا	لَمْ تُذَبُّوْا	جمع مذکّر حاضر
لَمْ تَذُبِّیْ	لَمْ تُذَبِّیْ	واحد مؤنث حاضر
لَمْ تَذُبَّا	لَمْ تُذَبَّا	تثنیہ مؤنث حاضر
لَمْ تَذْبُبْنَ	لَمْ تُذْبَبْنَ	جمع مؤنث حاضر
لَمْ اَذُبَّ	لَمْ اُذَبَّ	واحد متکلم مذکر ومؤنث
لَمْ نَذُبَّ	لَمْ نُذَبَّ	جمع متکلم مذکر ومؤنث

تشریح:۔ لَمْ یَذُبَّ اصل میں لَمْ یَذْبُبْ تھا دو حرف ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے اول متحرک، اور اس کا ماقبل ساکن، اول کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا لَمْ یَذُبْبْ ہوا، اب اِجتماع ساکنین ہو گیا دونوں با (ب) میں ثانی با (ب) کو فتحہ دیکر اول با (ب) میں ادغام کر دیا گیا لَمْ یَذُبَّ ہو گیا۔

اور ثانی با (ب) کو کسرہ بھی دے سکتے ہیں اس لیے کہ جب ساکن حرف کو حرکت دی جاتی ہے تو ''کسرہ'' کی حرکت دی جاتی ہے۔ کیونکہ قاعدہ ہے ''لِاَنَّ السَّاکِنَ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بالکسر۔'' اور ماقبل کی مناسبت سے ''ضمہ'' کی حرکت بھی دی جا سکتی ہے۔ یعنی لَمْ یَذُبَّ لَمْ یَذُبِّ لَمْ یَذُبُّ تینوں صورتیں ہو سکتی ہیں۔

امر حاضر معروف ومجہول

معروف	مجہول	صیغہ
ذُبَّ	لِتُذَبَّ	واحد مذکر حاضر
ذُبَّا	لِتُذَبَّا	تثنیہ مذکر حاضر
ذُبُّوْا	لِتُذَبُّوْا	جمع مذکر حاضر
ذُبِّی	لِتُذَبِّی	واحد مؤنث حاضر
ذُبَّا	لِتُذَبَّا	تثنیہ مؤنث حاضر
اُذْبُبْنَ	لِتُذْبَبْنَ	جمع مؤنث حاضر

تشریح:۔ ذُبَّ دور کر تو ایک مرد، فعل امر حاضر معروف، صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں اُذْبُبْ تھا بروزنِ اُنْصُر، باب (نَصَرَ یَنْصُرُ) دو حرف ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے اوّل متحرک، اور اس کا ماقبل ساکن، لہٰذا اول کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اب اِجتماع ساکنین ہو گیا دو حرفِ صحیح میں (یعنی دونوں باء میں) ثانی کو فتحہ دیدیا اس بنا پر کہ فتحہ (یعنی زبر) اَخف الحرکات ہے، یا کسرہ دیدیا اصل کے

اِعتبار سے ''لانَّ الساکن اذا حُرِّکَ حُرِّکَ بالکسر ''یعنی جب ساکن کو حرکت دی جاتی ہے تو ''کسرہ'' کی حرکت دی جاتی ہے۔یا پھر ضمّہ کی حرکت دیدی ''عین'' کے ضمّہ کی مناسبت کی وجہ سے، ہمزہ وصل لایا گیا تھا اِبتدا بسکون لازم آنے کی وجہ سے اَب ابتدا بسکون لازم نہیں آرہا ہے لہٰذا ضرورت نہ رہنے کی وجہ سے ہمزہ وصل کو بھی حذف کردیا ذُبَّ ذُبِّ ذُبُّ ہوگیا۔

اسم فاعل

گردان	ترجمہ	صیغہ
ذَابٌّ	دور کرنے والا ایک مرد	واحد مذکر
ذَابَّانِ	دور کرنے والے دو مرد	تثنیہ مذکر
ذَابُّوْنَ	دور کرنے والے سب مرد	جمع مذکر
ذَابَّةٌ	دور کرنے والی ایک عورت	واحد مؤنث
ذَابَّتَانِ	دور کرنے والی دو عورتیں	تثنیہ مؤنث
ذَابَّاتٌ	دور کرنے والی سب عورتیں	جمع مؤنث

اسم مفعول

گردان	ترجمہ	صیغہ
مَذْبُوْبٌ	دور کیا ہوا ایک مرد	واحد مذکر
مَذْبُوْبَانِ	دور کیے ہوئے دو مرد	تثنیہ مذکر
مَذْبُوْبُوْنَ	دور کیے ہوئے سب مرد	جمع مذکر
مَذْبُوْبَةٌ	دور کی ہوئی ایک عورت	واحد مؤنث
مَذْبُوْبَتَانِ	دور کی ہوئیں دو عورتیں	تثنیہ مؤنث

مَذْبُوْبَاتٌ	دور کی ہوئیں سب عورتیں	جمع مؤنث

﴿قوانین: ذَبَّ دراصل ذَبَبَ بود، بائے اول را ساکن ساختند ودر دوم ادغام کردند ذَبَّ شد۔ زیرا کہ ہر جا دو حرف صحیح از یک جنس یا از یک مخرج یا از دو مخرج متقارب بہم آیند و ہر دو متحرک باشند بحرکتِ لازم، وکلمہ از التباس ہم ایمن باشد، وملحق برباعی وخماسی نہ باشد، حرف اول را ساکن کنند اگر نباشد، ودر دوم ادغام نمایند چوں ذَبَّ وعَضَّ وعَدَّو مَدَّ وعَبَدتُّ ولَبِثُّ۔﴾

ترجمہ:۔ ذَبَّ اصل میں ذَبَبَ تھا اَول با (ب) کو ساکن کرکے دوسرے با (ب) میں اِدغام کردیا ذَبَّ ہو گیا۔ اس لیے کہ جس جگہ دو حرفِ صحیح ایک جنس کے، یا ایک مخرج کے، یا دو متقارب (یعنی قریب قریب مخرج والے) جمع ہو جائیں، اور دونوں متحرک ہوں حرکتِ لازم کے ساتھ اور کلمہ التباس سے مامون ہو، رباعی وخماسی کے ساتھ ملحق بھی نہ ہو، تو پہلے حرف کو ساکن کرتے ہیں اگر ساکن نہ ہو اور دوسرے میں ادغام کردیتے ہیں۔ جیسے: ذَبَّ، عَضَّ، مَدَّ، عَبَدتُّ، لَبِثُّ۔

تشریح:۔ ذَبَّ دور کیا اس ایک مرد نے، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں ذَبَبَ تھا اس میں دونوں حرف ایک جنس کے ہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں لہذا اول کو ساکن کیا اور دوسرے کو اول میں ادغام کردیا ذَبَّ ہو گیا۔ اسی طرح مَدَّ اور عَضَّ میں بھی۔

مَدَّ: فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، مَدَّ یَمُدُّ مَدًّا (کھینچنا)

عَبَدتُّ: (عِبادت کی میں نے) یہ واحد متکلم کا صیغہ ہے فعل ماضی معروف، اس میں دونوں حرف ایک جنس کے نہیں ہیں، مگر دونوں کا مخرج ایک ہی ہے۔ اس لیے ادغام کیا گیا ہے۔ اور لَبِثتُّ (میں ٹھہرا) میں ادغام اس لیے کیا گیا کہ دونوں کا مخرج قریب قریب ہے۔

﴿ودر ذَبَبْنَ واخوات آں ادغام نہ شد، زیرا کہ حرف دوم متحرک نیست، ودر اُذْبُبِ الکَلْبَ ادغام نہ شد، زیرا کہ حرکت حرف دوم لازم نیست، ودر

سَبَبٌ ادغام نہ شد، زیراچہ از التباس ایمن نیست، ودر قُعْدُدٌ ادغام نہ شد، زیرا کہ ملحق بہ بُرْثُنٌ ست، اگرادغام کنند الحاق باطل شود۔

ترجمہ :. ذَبَبْنَ اوراس کے مثل (یعنی ذَبَبْتَ ذَبَبْتُمَا) میں ادغام نہیں ہوا، اس لیے کہ دوسرا حرف متحرک نہیں ہے، اور اُذْبُبِ الکَلْبَ میں ادغام نہیں ہوا کیونکہ دوسرے حرف کی حرکت لازم نہیں ہے، اور سَبَبٌ میں ادغام نہیں ہوا اس لیے کہ التباس سے مامون نہیں ہے، اور قُعْدُدٌ (گمنام) میں ادغام نہیں ہوا اس لیے کہ بُرْثُنٌ (شیر کا پنجہ) کے ساتھ ملحق ہے، اگرادغام کرتے تو الحاق باطل ہو جاتا۔

تشریح :. ذَبَبْنَ فعل ماضی معروف، صیغہ جمع مؤنث غائب، اس میں ادغام نہیں کیا گیا، کیونکہ اگراس میں ادغام کیا جائے تو دوسرا حرف متحرک ہو جائے گا حالاں کہ اس کا ساکن رہنا ضروری ہے، تا کہ صیغہ کی پہچان ہو جائے۔ اسی طرح ''اُذْبُبِ الکَلْبَ'' میں ادغام نہیں کیا گیا کہ اس میں دوسرے با (ب) کی حرکت لازم نہیں ہے بلکہ ''عارضی'' ہے (یعنی الکلب میں ملانے کی وجہ سے لائی گئی ہے)

سَبَبٌ میں ادغام نہیں کیا گیا کیونکہ اگرادغام کیا جائے تو ''سَبٌّ'' (یعنی دوسرے کلمہ سے مُشتبہ) ہو جائے گا جس کے معنیٰ (گالی) کے ہیں۔ اور ''سَبَبٌ'' کے معنیٰ (ذریعہ) ہے، پس ادغام نہیں ہوگا۔

یَذُبُّ دراصل یَذْبُبُ بود، حرکت بائے اول رانقل کردہ بماقبل دادندو بارادر باادغام کردند یَذُبُّ شد، زیرا کہ ہر جا کہ ادغام کنند بنگرند کہ ماقبل آن مدغم متحرک است یا ساکن، اگرمتحرک باشد حرکتِ حرف اول رابیندازند وساکن کردہ. دوم ادغام کنند، واگرساکن باشد حرکت مُدغم اوراد ہند پس ادغام کنند چوں ذَبَّ یَذُبُّ وعَضَّ یَعَضُّ وفَرَّ یَفِرُّ واَحَلَّ یُحِلُّ واِسْتَرَدَّ یَسْتَرِدُّ.

ترجمہ :. یَذُبَّ اصل میں یَذْبُبُ تھا اَول با (ب) کی حرکت کونقل کر کے ماقبل کودیدیا اور با (ب) کو بامیں ادغام کر کر دیا یَذُبُّ ہو گیا۔ اس لیے کہ ہر وہ جگہ جہاں ادغام کیا جائے دیکھتے ہیں کہ ماقبل مُدغم متحرک ہے یا ساکن، اگر متحرک ہو تو حرفِ اول کی حرکت

کو گرادیں گے اور ساکن کر کے دوم میں ادغام کردیں گے، اور اگر ساکن ہو تو مُدغم کی حرکت اس کو دیکر ادغام کردیں گے جیسے: ذَبَّ (دور کیا اس ایک مرد نے) یَذُبُّ (دور کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد) عَضَّ (کاٹا اس ایک مرد نے) یَعَضُّ (کاٹتا ہے یا کاٹے گا وہ ایک مرد) فَرَّ (بھاگا وہ ایک مرد) یَفِرُّ (بھاگتا ہے یا بھاگے گا وہ ایک مرد) أَحَلَّ (حلال کیا اس ایک مرد نے) یُحِلُّ (حلال کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد) اِسْتَرَدَّ (واپس کیا اس ایک مرد نے) یَسْتَرِدُّ (واپس کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد)

تشریح: یَذُبُّ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں یَذْبُبُ تھا دو حرف صحیح ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے، دونوں متحرک اور ان کا ماقبل ساکن، لہٰذا اول با (ب) کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیدیا اور باء (ب) کو با میں ادغام کردیا یَذُبُّ ہوگیا۔ (یہی تعلیل یَعَضُّ میں بھی ہوگی۔)

عَضَّ: فعل ماضی معروف، کاٹا اس ایک مرد نے، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں عَضَضَ تھا دو حرف صحیح ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے، دونوں متحرک اور اُن کا ماقبل بھی متحرک لہذا اول ضاد (ض) کو ساکن کیا اور ثانی ضاد (ض) میں ادغام کر دیا عَضَّ ہوگیا۔ یہی تعلیل فَرَّ، ذَبَّ، میں بھی ہوگی۔

اَحَلَّ: فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں اَحْلَلَ تھا بروزنِ اَکْرَمَ "یَذُبُّ" والی تعلیل ہوگی، یُحِلُّ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں یُحْلِلُ تھا اس میں بھی یَذُبُّ والی تعلیل ہوگی، اِسْتَرَدَّ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں اِسْتَرْدَدَ تھا یَسْتَرِدُّ فعل مضارع معروف، اصل میں یَسْتَرْدِدُ تھا۔

﴿ لَمْ یَذُبّ در اصل لَمْ یَذْبُبْ بود، باے اول ساکن شد از جہتِ ادغام، وثانی ساکن شد بہ لم جازمہ، پس دو ساکن بہم آمدند ودر سخن عرب دو ساکن بہم نیایند مگر در وقف، حرفِ آخر را حرکت دادند بعض فتحہ "لِاَنَّ الفتحہ اَخف الحرکات" وبعضے کسرہ "لِاَنَّ الساکن اِذا حُرِّکَ حُرِّکَ

بالکسر" وبعضے ضمہ از جہتِ موافقت ماقبل، وبعضے براصل خود داشتہ اند، وحکم امرونہی بریں قیاس ست، ودر باب تفعیل وتفعل ادغام نشود، زیرا کہ ادغام در اصل باب ست، بداں کہ تعلیلاتے کہ در مہموز ومعتل ومضاعف آمدہ یاد کردہ شد اما تعلیلاتے چند دیگر کہ بداں حاجت افتد نیز یاد کنم۔

ترجمہ:۔ لَمْ یَذُبَّ اصل میں لَمْ یَذْبُبْ تھا اول با (ب) ادغام کی وجہ سے ساکن ہوگئی، اور دوسری با (ب) "لَمْ جازمہ" داخل ہونے کی وجہ سے ساکن ہو گئی، پس دو ساکن اکٹھا ہوگئے، اور عرب کی زبان میں دو ساکن اکٹھا نہیں ہوتے، مگر حالتِ وقف میں، اس لیے آخر حرف کو "حرکت" دیدیا۔ بعض "فتحہ" کی حرکت دیتے ہیں اس لیے کہ فتحہ اخف الحرکات ہے، اور بعض "کسرہ" کی، اس لیے کہ جب ساکن کو حرکت دی جاتی ہے تو "کسرہ" کی حرکت دی جاتی ہے، اور بعض "ضمّہ" کی، اور بعض اصل پر چھوڑ دیتے ہیں، اور امرونہی کا حکم اسی پر قیاس کریں۔ اور باب تفعیل اور تفعل میں ادغام نہیں ہوا، اس لیے کہ ادغام اصل باب میں ہے، جان لو کہ جو تعلیلات مہموز ومعتل اور مضاعف میں آئی ہیں ذکر کی جا چکی ہیں لیکن چند دیگر تعلیلات جن کی ضرورت پڑتی ہے، میں انھیں بیان کرر ہا ہوں۔

تعلیلِ اوّل: ہر الفے کہ ماقبل آں مضموم باشد واو گردد چوں۔ خَادَعَ و خُوْدِعَ وخَالِدٌ وخُوَیْلِدٌ۔

ترجمہ:۔ ہر وہ الف جس کا ماقبل "مضموم" ہو وہ الف "واو" ہو جاتا ہے ۔جیسے: خَادَعَ وخُوْدِعَ اور خَالِدٌ وخُوَیْلِدٌ۔

تعلیلِ آخر: ہر الفے کہ ماقبل آں مکسور باشد یا گردد چوں:۔ مِحْرَابٌ و مَحَارِیْبُ ومِفْتَاحٌ ومَفَاتِیْحُ۔

ترجمہ:۔ ہر وہ الف جس کا ماقبل "مکسور" ہو اس الف کو یا سے بدل دیں گے۔ جیسے: مِحْرَابٌ اور مَحَارِیْبُ، مِفْتَاحٌ اور مَفَاتِیْحُ۔

تشریح:۔ خَادَعَ دھوکا دیا اس ایک مرد نے، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد

مذکر غائب، خَادَعَ معروف کا صیغہ ہے اس کا مجہول خُوْدِعَ ہوگا۔ اس طرح کہ (خ) کو ضمہ کی حرکت دیا تو خُـــادَعَ ہوا، اب الف کا پڑھنا دشوار ہوگیا، لہٰذا فا کلمہ پر "ضمّہ" آنے کی وجہ سے الف کو "واؤ" سے بدل دیا خُـــوْدِعَ ہوگیا۔ (دھوکا دیا گیا وہ ایک مرد) مِحْرَابٌ (مکان کا صحن، صدر مجلس) اس کی جمع (مَحَارِیْبَ) "عین" کے کسرہ کی وجہ سے الف یا سے بدل گیا، مِفْتَاحَ (کنجی) اس کی جمع مَفَاتِیْحَ ہے۔

﴿تعلیل آخر: ہر حرف مَد و لین کہ سوم جا باشد وزائدہ بود و پس از الف فَعَائِلُ افتد ہمزہ گردد چوں کَـرِیْـمٌ و کَـرَائِـمُ و صَـحِـیْـفَـةٌ صَـحَـائِـفُ ورَکُـوبٌ ورَکَـائِبُ ۔ امادر مَـعِـیْـشَـةٌ و مَـعَـایِشُ ہمزہ نہ گشت، زیرا کہ زائدہ نیست بلکہ اصلی ست، ودر مُصِیْبَةٌ و مَصَائِبُ باآں کہ اصلی است ہمزہ گشت برخَلَافِ قیاس، واگر در چہارم جا باشد چوں در جمع پنجم جا افتد یا گردد چوں ۔مِحْرَابٌ ومَحَارِیْبُ وعُصْفُوْرٌ وعَصَافِیْرُ۔﴾

تـرجـمـہ:۔ دوسری تعلیل ہر حَرفِ مَدولِیْن جو کلمہ میں تیسری جگہ واقع ہو یا زائدہ ہو، یا "فَـعـائِلُ" کے الف کے بعد واقع ہو، تو وہ ہمزہ سے بدل جاتا ہے، جیسے: کَرِیْمٌ سے کَـرَائِمُ، صَحِیْفَةٌ سے صَـحَـائِفُ اور رَکُـوْبٌ سے رَکَـائِبُ۔ لیکن مَـعِیْشَـةٌ اور مَـعَـایِشُ میں یا (ی) ہمزہ سے نہیں بدلی اس لیے کہ زائدہ نہیں ہے بلکہ اصلی ہے، اور مُصِیْبَةٌ و مَصَائِبُ میں باوجودیکہ یا اصلی ہے پھر بھی خلاف قیاس ہمزہ سے بدل گئی ہے۔ اور اگر حرف مدولِیْن چوتھی جگہ میں واقع ہو پھر جمع لانے پر پانچویں حروف کی جگہ میں واقع ہو تو اس الف کو یا (ی) سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے: مِحْرابٌ سے مَحَارِیْبُ عُصْفُوْرٌ سے عَصَافِیْرُ۔

الف: کو یا (ی) سے بدلنے کی مثال جیسے: مِـحْـرَابٌ ہے اس میں الف چوتھی جگہ میں ہے اس کی جمع مَـحَـارِیْـب ہے الف کو (ی) سے بدل دیا چونکہ "جمع" میں پانچویں جگہ پر ہے۔ اسی طرح عُصْفُوْرٌ (چڑیا) اس کی جمع عَصَافِیْرُ ہے۔

جب حرف مَد و لین کلمہ کی تیسری جگہ میں واقع ہو یا زائدہ ہو یا "فَعَـائِلُ" کے

الف کے بعد واقع ہو، تو وہ ''ہمزہ'' سے بدل جاتا ہے جیسے: کَرِیْمٌ (سخی) اس میں حرف علت تیسری جگہ میں واقع ہے اس کی جمع کَرَائِمُ آتی ہے فَعَائِلُ کے وزن پر، یا (ی) کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے کَرَائِمُ ہو گیا۔ اسی طرح صَحِیْفَۃٌ (لکھا ہوا کاغذ) سے صَحَائِفُ بھی۔

رَکُوْبٌ (سواری کا اونٹ) میں واو حرف لین ہے جو تیسری جگہ میں واقع ہے اس کی جمع رَکَائِبُ ہے فَعَائِلُ کے وزن پر ''واو'' کو ہمزہ سے بدل دیا رَکَائِبُ ہو گیا۔

تعلیل آخر:۔ ہر جا کہ الف جمع درمیان دو واو یا دو یا افتد آخریں را بہ ہمزہ بدل کنند چوں اَوَّلُ وَ اَوَائِلُ کہ دراصل أَوَاوِلُ بودہ است و خَیِّرٌ وخَیَائِرُ کہ دراصل خَیَایِرُ بودہ است، وبعضے یا را سلامت دارند، ودر طَوَاوِیْسُ و دَوَاوِیْنُ ہمزہ نہ گشت زیرا چہ از طرف دور ست۔

ترجمہ:۔ ہر وہ جگہ جہاں کلمہ میں الف جمع دو واو۔ یا۔ دو یا کے درمیان واقع ہو، تو اس کے آخری واو اور یا کو ''ہمزہ'' سے بدل دیتے ہیں جیسے: اَوَّلُ سے اَوَائِلُ جو کہ اصل میں اَوَاوِلُ تھا خَیِّرٌ سے خَیَائِرُ جو اصل میں خَیَایِرُ تھا اور بعض حضرات یا (ی) کو سلامت چھوڑ دیتے ہیں۔ اور طَوَاوِیْسُ اور دَوَاوِیْنُ میں یا (ی) اور ''واو'' ہمزہ نہیں ہوئے، اس لیے کہ طرف سے دُور ہیں۔

تشریح:۔ اگر کسی کلمہ میں ''الف'' دو واو کے درمیان واقع ہو، یا دو یا کے درمیان واقع ہو، تو آخر واو اور یا کو ''ہمزہ'' سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے: اَوَّلُ (پہلا) اس کی جمع أَوَائِلُ ہے یہ اصل میں اَوَاوِلُ تھا دوسرے واو کو ہمزہ سے بدل دیا اَوَائِلُ ہو گیا۔ اسی طرح خَیَائِرُ میں بھی۔ طَوَاوِیْسُ یہ جمع ہے طَاؤُوسٌ کی (مور) اور دَوَاوِیْنُ یہ جمع ہے دِیْوَانٌ کی (دفتر)

طَوَاوِیْسُ اور دَوَاوِیْنُ میں ''الف'' دو واو (و) کے درمیان میں ہے پھر بھی واو کو ''ہمزہ'' سے نہیں بدلا گیا۔ اس لیے کہ ''واو'' کو ہمزہ سے اسی وقت بدلا جائے گا جب واو کے بعد ایک حرف ہو، طَوَاوِیْسُ اور دَوَاوِیْنُ میں ''واو'' کے بعد دو حرف

ہیں لہذا واو کو ہمزہ سے نہیں بدلا جائے گا۔

☆☆☆

﴿تعلیل آخر: ہر واو کہ در اول کلمہ افتد مکسور باشد یا مضموم جائز ست کہ وے را بدل کنند بہ ہمزہ چوں۔ وُجُوْہٌ واُجُوْہٌ و وُقِّتَتْ واُقِّتَتْ و وِشَاحٌ واِشَاحٌ۔ ودر واو مفتوح ابدال از دو جا بیش نیامدہ است چوں اَحَدٌ کہ در اصل وَحَدٌ بودہ است و اَنَاۃٌ کہ در اصل وَنَاۃٌ بودہ است، واگر در اول کلمہ دو واو باشد وہر دو متحرک باشند وواو دوم بدل از چیزے نباشد، واجب است ابدال واو اول بہ ہمزہ اگرچہ مفتوح باشد چوں اَوَاعِدُ کہ در اصل وَوَاعِدُ بودہ است، وَاَوَاصِلُ کہ در اصل وَوَاصِلُ بودہ است ودر وُوْرِیَ بدل نگشت زیرا چہ واو دوم بدل ست از الف وَارَیٰ۔ اگر واو اول را بدل کنند توالی اعلالین شود وایں روا نیست۔﴾

ترجمہ:۔ دوسری تعلیل ہر وہ واو جو کلمہ کے شروع میں ہو مکسور ہو، یا مضموم، اس کو ہمزہ سے بدل دینا جائز ہے جیسے: وُجُوْہٌ واُجُوْہٌ وُقِّتَتْ واُقِّتَتْ وِشَاحٌ واِشَاحٌ۔ اور کلمہ کے شروع میں ''واوِ'' مفتوح کو ''ہمزہ'' سے بدل دینا دو جگہ سے زیادہ نہیں آیا ہے، جیسے: اَحَدٌ جو کہ اصل میں وَحَدٌ تھا اور اَنَاۃٌ جو کہ اصل میں وَنَاۃٌ تھا۔ اور اگر کلمہ کے شروع میں دو ''واو'' ہوں اور دونوں متحرک ہوں اور دوسرا ''واو'' کسی چیز سے بدلا نہ ہو تو ''واوِ اوّل'' کو ہمزہ سے بدل دینا واجب ہے اگرچہ مفتوح ہو۔ جیسے: اَوَاعِدُ جو کہ اصل میں وَوَاعِدُ تھا اور اَوَاصِلُ جو اصل میں وَوَاصِلُ تھا اور وُوْرِیَ میں واو [ہمزہ] نہیں ہوا، اس لیے کہ دوسرا واو ''الف وَارَیٰ'' کے بدلے میں ہے، اگر واوِ اول کو بدل دیں گے تو پے در پے دو تعلیل ہو جائے گی اور یہ درست نہیں ہے۔

تشریح:۔ قاعدہ یہ ہے کہ جو واو کلمہ کے شروع میں ہو اور مفتوح نہ ہو بلکہ مکسور، یا مضموم ہو، تو اسے ہمزہ سے بدل دینا جائز ہے۔ جیسے: وُجُوْہٌ (چہرے) سے اُجُوْہٌ، وُقِّتَتْ سے اُقِّتَتْ، وِشَاحٌ (تلوار) سے اِشَاحٌ۔ اور دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ ''واو'' مفتوح ہونے کی صورت میں اسے ہمزہ سے بدل دینا ''شاذ'' ہے۔ جیسے: وَحَدٌ سے

اَحَدٌ (ایک) وَنَاۃٌ سے اَنَاۃٌ (دیر کرنا)

وُقِّتَتْ: فعل ماضی مجہول، صیغہ واحد مؤنث غائب، وَقَّتَ یُوَقِّتُ تَوْقِیْتًا (وقت مقرر کرنا)

اگر دو واو کلمہ کے شروع میں ہوں اور دونوں ''واو'' متحرک ہوں تو پہلے واو کو ہمزہ سے بدل دینا جائز ہے۔ جیسے: وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ، اور وَوَاصِلُ سے اَوَاصِلُ وغیرہ۔

﴿تعلیلِ آخر: ہر واو کہ در جمع میان الف وکسرہ افتد ودر مفرد ساکن باشد یا گردد۔ چوں حَوْضٌ وحِیَاضٌ ورَوْضٌ ورِیَاضٌ کہ دراصل حِوَاضٌ ورِوَاضٌ بودہ است۔﴾

ترجمہ:۔ ہر وہ ''واو'' جو جمع میں (یعنی جمع کے عین کلمہ میں) الف اور کسرہ کے درمیان واقع ہو اور مُفرد میں ساکن ہو، تو وہ واو یا (ی) سے بدل جاتا ہے۔ جیسے: حَوْضٌ و حِیَاضٌ، اور رَوْضٌ و رِیَاضٌ، جو اصل میں حِوَاضٌ اور رِوَاضٌ تھے۔

تشریح:۔ قاعدہ یہ ہے کہ وہ واو جو جمع کے عین کلمہ میں ''کسرہ'' کے بعد واقع ہو اس واو کو یا (ی) سے بدل دینا واجب ہے اگر وہ مفرد میں ساکن ہو، جیسے: حِوَاضٌ، اس میں ''واو'' الف اور کسرہ کے درمیان واقع ہے اس لیے اس ''واو'' کو یا (ی) سے بدل دیا حِیَاضٌ ہو گیا۔ (یہ حَوْضٌ کی جمع ہے) جس کا لغوی معنیٰ ہے، پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اسی طرح رِوَاضٌ سے رِیَاضٌ۔ یہ جمع ہے رَوضۃٌ کی جس کا لغوی معنیٰ (باغ) ہے۔

﴿تعلیلِ آخر: ہر جمع کہ بروزنِ فُعُوْلٌ باشد از معتل لام واوی، آں ہر دو واو را یا کنند وماقبل وے کسرہ دہند برائے تخفیف۔ چوں دِلِیٌّ وحَقِیٌّ کہ دراصل دُلُوْوٌ وحُقُوْوٌ بودہ است، زیرا کہ در اسمائے متمکنہ ہیچ اسمے نیابی کہ در آخر آں واو باشد وماقبل آں مضموم۔﴾

ترجمہ:۔ تعلیل آخر: ہر وہ ''جمع'' جو ''فُعُوْلٌ'' کے وزن پر ہو، اور معتل لامِ واوی

ہو، تو اس میں دونوں ''واؤ'' کو یا(ی) سے بدل کر اس سے پہلے ''کسرہ'' دیدیتے ہیں۔ تخفیف کے لیے جیسے: دِلِیٌّ و حِقِیٌّ جو اصل میں دُلُوْوٌ و حُقُوْوٌ تھے، اس لیے کہ اسماءِ متمکنہ میں کوئی ایسا اسم نہیں آیا ہے جس کے آخر میں ''واؤ'' ہو، اور اس کا ماقبل مضموم ہو۔

تشریح :۔ جو جمع ''فُعُوْلٌ'' کے وزن پر آئے اور آخر میں دو واو جمع ہو جائیں تو دونوں واو کو یا (ی) سے بدل کر یا کا یا (ی) میں ادغام کر دیا جاتا ہے، اور اس کے ماقبل کو ''کسرہ'' دیدیا جاتا ہے۔ جیسے: دُلُوْوٌ یہ فُعُوْلٌ کے وزن پر ہے۔ اس میں دونوں واو کو (ی) کر دیا گیا اور اس کے ماقبل کو کسرہ دیدیا گیا دُلِیٌّ ہو گیا۔ (اسے دِلِیٌّ بھی پڑھ سکتے ہیں) دَلْوٌ یہ واحد ہے۔ جس کا لغوی معنیٰ (ڈول) ہے۔ اسی طرح حِقِیٌّ میں بھی، اس کا واحد حَقْوٌ ہے جس کا لغوی معنیٰ (گوکھ) ہے

﴿بداں کہ کلمۂ چندرا از معتل ومضاعف بر اصل خود داشتہ اند تا بر اصل کلماتِ دیگر دلیل باشند چوں عَوِرَ وصَیِدَ وعَیِنَ واَرْوَحَ واَحْوَجَ واِعْتَوَرَ و اِسْتَحْوَذَ واِسْتَصْوَبَ وَلَحِحَتْ عَیْنُہٗ وَاَلِلَ السِّقَاءُ وضَبَبَ الْبَلَدُ۔﴾

ترجمہ :۔ تم جان لو کہ معتل لام مضاعف کے چند کلمات کو صرفیوں نے اپنی اصل پر رکھا ہے تاکہ دوسرے کلمات کی اصل پر دلیل ہوں جیسے: عَوِرَ (وہ کانا ہوا) صَیِدَ (وہ ٹیڑھی گردن والا ہوا) عَیِنَ (وہ بڑی پتلی والا ہوا) اَرْوَحَ (بُو پایا) اَحْوَجَ (وہ محتاج ہوا) اِعْتَوَرَ (کسی چیز کو ہاتھ در ہاتھ لینا) اِسْتَحْوَذَ (وہ غالب ہوا) اِسْتَصْوَبَ (اُس نے صحیح سمجھا) لَحِحَتْ عَیْنُہٗ (اس کی آنکھ میل دار ہوگئی) واَلِلَ السِّقَاءُ (مشک کی بُو متغیر ہوگئی) وضَبَبَ البلدُ (شہر میں گوہیں بہت ہوگئیں)

تشریح :۔ عَوِرَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، صَیِدَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، عَیِنَ فعل ماضی معروف، اَرْوَحَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اِعْتَوَرَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اِسْتَحْوَذَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، اِسْتَصْوَبَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد

مذکر غائب، لَحِحتُ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مؤنث غائب، اَلِلَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، ضَبَبَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب۔

فصل پنجم در شناختن خاصیت بابہا و آنچہ بداں تعلق دارد باب فَعَلَ یَفعِلُ فَعِلَ یَفعُلُ فَعِلَ یَفعَلُ مقید نیستند بخاصیتے بلکہ برائے معنی کثیر مستعمل اند کہ آں معانی مضبوط نیست۔

ترجمہ : پانچویں فصل بابوں کی خاصیتوں اور اس کے متعلقات کو پہچاننے میں باب فَعَلَ یَفعِلُ فَعِلَ یَفعُلُ فَعِلَ یَفعَلُ (ضَرَبَ یَضرِبُ نَصَرَ یَنصُرُ سَمِعَ یَسمَعُ) (امہات الابواب کہلاتے ہیں یہ) کسی ایک یا چند خاصیتوں کے ساتھ مقید نہیں ہیں بلکہ کثیر معنی کے لیے مستعمل ہیں اور وہ معانی دائر تحریر میں نہیں لائے گئے۔

خاصیت باب فَعَلَ یَفعَلُ آنست کہ ہمیشہ بجائے عین یا لام وے حرفے باشد از حروف حلق و مجموع آں حروف ایں است حخغعھا مگر دریں چند کلمات چوں رَکَنَ یَرکَنُ وَسَجیٰ یَسجیٰ وَقَلیٰ یَقلیٰ وَاَبیٰ یَابیٰ وَعَضَّ یَعَضُّ

ترجمہ : ۔باب فَتَحَ کی خاصیت: ۔فَتَحَ یَفتَحُ کی خاصیت یہ ہے کہ ہمیشہ اس کے عین یا لام کلمہ کی جگہ حروف حق میں سے کوئی حرف ہوگا اور اس کا مجموعہ حروف حخغعھا ہے۔لیکن چند کلمات ایسے ہیں جو فتح سے آتے ہیں اور ان کے عین یا لام میں حرف حلقی نہیں ہیں جیسے رَکَنَ یَرکَنُ مُصدر بمعنی مائل ہونا. سجیٰ یسجیٰ سجیً مصدر بمعنی سنسان ہونا۔ عَضَّ یَعَضُّ عَضًّا دانتوں سے کاٹنا یہ کل کلمات باب فتح یفتح سے آتے ہیں حالاں کہ ان کے عین یا لام کلمہ کی جگہ حروف حلقی میں سے کوئی حرف نہیں ہے۔

وخاصیت باب فَعُلَ یَفعُلُ آن ست کہ خلق و طبائع را باشد و جمیع لغات اولازم باشند چوں کَرُمَ یَکرُمُ جَسُمَ یَجسُمُ۔

ترجمہ: ۔باب کَرُمَ کی خاصیت:۔ کَرُمَ یَکْرُمُ کی خاصیت یہ ہے کہ اس باب سے عموماوہ اشیایا اوصاف بیان ہوتے ہیں، جو خلقی اور طبعی ہوں اور اس کے تمام لغات لازم ہوں گے جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ جَسُمَ یَجْسُمُ وغیرہ لغات سے مراد یہ ہے کہ جو بھی اس باب سے آئے گا وہ لازم ہوگا۔

خاصیت باب افعال ہشت چیز ست تعدیہ چوں خَرَجَ وَاَخْرَجْتُہٗ وَنَزَلَ وَاَنْزَلْتُہٗ 'وسلب چوں شَکٰی 'گلہ کرد واَشْکٰی' گلہ بردورفتن درچیزے چوں اصبح دربامداد شدواَعْرَقَ بعراق شدوآمدن بہ چیزے چوں اَلَامَ بچیزے نکوہیدہ آمدودادن چیزے چوں اَقْبَرَہٗ' جائے گوردادورا خداوند چیزے شدن چوں اَلْبَنَ خداوند شیر شد وَاَتْمَرَ خداوند خرما شدویافتن چیزے برصفتے چوں اَحْمَدْتُہٗ' ستودہ یافتیم اوراوابتدائے فعل چوں اَشْفَقَ بترسیدوَاَلْحَجَّ الحاج کرد۔

ترجمہ: ۔باب افعال کی خاصیت آٹھ چیزیں ہیں (۱) تعدیہ:۔تعدیہ کے معنی لازم کومتعدی بنانایا اگر فعل متعدی ہوتو ایک اور مفعول کا اضافہ کرنا جیسے خَرَجَ زَیْدٌ زید نکلا یہ فعل لازم ہے اَخْرَجْتُہٗ میں نے اس کو نکالا یہ فعل متعدی ہے اسی طرح نَزَلَ وہ اترا فعل لازم تھا اَنْزَلْتُہٗ میں نے اس کو اتارا یہ فعل متعدی ہو گیا (۲) سلب:۔سلب کے معنی دور کرنا یعنی کسی چیز کو ماخذ سے دور کرنا جیسے شَکٰی اس نے شکایت کی جب شَکٰی پر ہمزہ افعال داخل کیا تو اَشْکٰی' ہو گیا ہمزہ نے اس میں سلب کے معنی پیدا کر دیے اور لازم سے متعدی بنادیا چنانچہ اَشْکَیْتُہٗ کے معنی ہوئے میں نے اس کی شکایت دور کی۔(۳) رفتن درچیزے:۔کسی چیز میں جانا اَصْبَحَ خَالِدٌ میں اَصْبَحَ کا ماخذ صبح ہے یعنی خالد صبح کے وقت میں داخل ہوا، اَعْرَقَ وہ عراق میں پہنچا (۴) چوتھی خاصیت آمدن بچیزے:۔ماخذ کے ساتھ آنا یعنی کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا جیسے اَلَامَ ملامت کے لائق ہوا۔(۵) دادن چیزے یعنی فاعل کا مفعول کو وہ شی دینا جو اس فعل میں موجود ہے وہی ماخذ کہلاتا ہے جیسے اَقْبَرَہٗ ' جائے گوردادواور اس کو قبر کی جگہ دی (۶) خداوند چیزے شدن:۔کسی چیز کا صاحب ماخذ ہونا جیسے اَلْبَنَ وہ دودھ والا ہوا یعنی اس کے جانور دودھ والے ہوئے اَتْمَرَ وہ کھجور والا

ہوا یا کھجوروں کا مالک ہوا (تمر بمعنی خرما) (۷) یافتن چیزے برصفتے:۔ کسی چیز کا ماخذ کے ساتھ موصوف پانا جیسے اَحْمَدْتُهٗ میں نے اس کو اچھا پایا، خوبیوں والا پایا (۸) ابتدائے فعل:۔ جیسے اَشْفَقَ وہ ڈرا۔ شَفَقَ مجرد بمعنی مہربانی اور الحج پریشان کیا۔

خاصیت باب تفعیل شش چیز ست تعدیہ:۔ خَرَجَ بیرون آمد وَ خَرَّجْتُهٗ بیرون آوردم اورا و مبالغہ چوں قَطَّعْتُهٗ پارہ پارہ کردم اورا و سلب چوں قَذِيَتْ عَيْنُهٗ پر خس شد چشم او قَذَّيْتُ عَيْنَهٗ۔ خس از چشم او بردم، و نسبت چوں فَسَّقْتُهٗ فاسق خواندم اورا وَ كَفَّرْتُهٗ کافر خواندم اورا و دعا چوں حَيَّيْتُهٗ حَيَّاكَ اللّٰہ گفتم اورا وَ سَقَّيْتُهٗ سَقَاكَ اللّٰہ گفتم اورا و ابتدائے فعل چوں كَلَّمْتُهٗ سخن گفتم با او۔

ترجمہ: ۔باب تفعیل کی خاصیتیں چھ ہیں۔(۱) تعدیہ جیسے خَرَجَ وہ باہر نکلا خَرَّجْتُهٗ میں نے اس کو باہر کیا۔(۲) مبالغہ جیسے قَطَّعْتُهٗ میں نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (۳) سلب:۔ جیسے: قَذَّيْتُ عَيْنَهٗ میں نے اس کی آنکھ سے تنکا دور کیا (۴) نسبت:۔ جیسے: فَسَّقْتُهٗ میں نے اس کو فاسق کہا۔ یعنی فسق سے نسبت دی كَفَّرْتُهٗ میں نے اسے کفر کی جانب منسوب کیا (۵) دعا جیسے حَيَّيْتُهٗ میں نے اس کو حَيَّاكَ اللّٰہ کہا تحیۃ دعائے حیات کو کہتے ہیں حَيَّاكَ اللّٰہ کا معنی خدا تمہیں زندہ رکھے دوسری مثال سَقَّيْتُهٗ یعنی میں نے اس کو سَقَاكَ اللّٰہ کہا سقی کا معنی سیراب کرنا۔(۶) ابتدائے فعل جیسے كَلَّمْتُهٗ میں نے اس کے ساتھ بات کی اس کا مجرد کلم ہے کلم کا معنی زخمی کرنا باب تفعیل نے اس مادہ میں ایک نئے معنی کا آغاز کیا اس لیے اس کا نام ابتدائے فعل ہوا۔

خاصیت باب تفعل پنج چیز ست مطاوعت تفعیل چوں قَطَّعْتُهٗ فَتَقَطَّعَ پارہ پارہ کردم اورا پس پارہ پارہ شد و سلب چوں حَابَ گناہ کرد و تَحَوَّبَ از گناہ باز آمد و تکلف چیزے کہ خواہان وے باشی چوں تَحَلَّمْتُ از خویشتن حلم نمودم و تَشَجَّعْتُ از خویشتن شجاعت نمودم و اندک اندک گرفتن چیزے چوں

تَـجَـرَّعَ جرعہ جرعہ خورد وتَـعَـلَّـمَ مسأ لہ مسأ لہ آموخت وابتدائے فعل چوں تَکَلَّمَ سخن گفت۔

ترجمہ:۔ باب تفعیل کی پانچ خاصیتیں ہیں۔ مطاوعت ایک فعل کے بعد دوسرے فعل کو لانا تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا ہے جیسے: قَـطَّعْتُهٗ فَتَقَطَّعَ میں نے اس کو کاٹا تو وہ کٹ گیا عَـلَّمْتُهٗ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا تو وہ سیکھ گیا۔ ان دونوں فعلوں میں پہلا فعل باب تفعیل کا ہے اور دوسرا باب تفعل کا ہے (۲) سلب جیسے حـاب وہ گنہگار رہوا تَحَوَّبَ اس نے گناہ سے پرہیز کیا (ماخذ حُـوْبَۃٌ بمعنی گناہ) (۳) تکلف کرنا اس چیز میں جس کے تم خواہش مند ہو جیسے تَحَلَّمْتُ میں نے اپنے اندر حلم دکھلایا تَشَـجَّعْتُ میں نے اپنے اندر دلیری ظاہر کی (۴) عمل کا بار بار مہلت کے ساتھ ہونا یعنی آہستہ آہستہ ہونا جیسے تَـجَـرَّعَ اس نے گھونٹ گھونٹ پیا تَعَلَّمَ اس نے تھوڑا تھوڑا سیکھا تَحَفَّظَ اس نے تھوڑا تھوڑا یاد کیا مسئلہ مسئلہ آموخت کا مطلب یہ ہے کہ ایک مرتبہ تمام علوم نہیں حاصل کیا ہے بلکہ آہستہ آہستہ کر کے اسے سیکھا گیا (۵) ابتدائے فعل جیسے تَکَلَّمَ اس نے کلام کیا۔

خاصیت باب مفاعلۃ مشارکت ست چوں حَـارَبَـهٗ جنگ کرد با او وَقَـاتَلَهٗ کارزار کرد با او مگر لغتے چند چوں عَاقَبْتُ اللِّصَّ وَطَارَقْتُ النَّعْلَ ودعا چوں عَافَاهُ اللّٰهُ مِنَ الْمَرْضِ۔

ترجمہ:۔ باب مفاعلۃ کی دو خاصیتیں ہیں (۱) مشارکت کا مطلب یہ ہے کہ فاعل اور مفعول کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو جیسے قَـاتَـلَ زَیْـدٌ عَمْرواً زید نے عمرو سے عمرو نے زید سے جنگ کی۔ حَـارَبَہ' اس نے اس کے ساتھ لڑائی کی وَقَـاتَـلَہٗ اور اس نے اس کے ساتھ جنگ کی مگر چند لغت جیسے عَـاقَبْتُ اللِّص لفظی معنی میں نے چور کو سزا دی وَطَـارَقْتُ النَّعْلَ یعنی صدور فعل صرف ایک جانب سے ہے اور اوپر والی مثال یعنی قـاتـلـہ میں صدور فعل دونوں جانب سے ہے۔ (۲) دعا جیسے عـافـاہ اللہ من المرض اللہ تعالیٰ اس کو بیماری

سے عافیت بخشے۔

خاصیت باب تفاعل دو چیز ست مشارکت چوں تَضَارَبْنَا بزدیم با یک دیگر و تَقَابَلْنَا در برابر یک دیگر افتادیم وتکلف چیزے کہ خواہان وے نہ باشی چوں تَمَارَضْتُ خویشتن را بیمار ساختم وفرق میان تفاعل ومفاعلۃ آں ست کہ مفاعلۃ از روئے لفظ مفعول خواہد چوں ضَارَبْتُہٗ وتفاعل مفعول نہ خواہد لہذا اتضَارَبْتُہٗ نہ گویند وبجائے او تَضَارَبْنَا گویند

ترجمہ:۔ باب تفاعل کی خاصیتیں دو ہیں (۱) مشارکت جیسے تَضَارَبْنَا ہم نے ایک دوسرے کو ماردیا تَقَابَلْنَا ہم ایک دوسرے کے مقابل ہوگئے (۲) تکلف ایسی چیز کا دکھانا جس کا فاعل خواہش مند نہ ہو جیسے تَمَارَضْتُ میں نے اپنے کو بیمار بنالیا حالاں کہ میں بیمار نہ تھا۔

باب تفاعل اور مفاعلۃ کے درمیان کیا فرق ہے؟

باب تفاعل اور باب مفاعلۃ کے درمیان فرق یہ ہے کہ مفاعلۃ مفعول کے لفظ کو چاہتا ہے جیسے ضَارَبْتُہٗ میں نے اس کے ساتھ مار کی، اور تفاعل مفعول کو نہیں چاہتا ہے لہذا اتضَارَبْتُہٗ نہیں کہیں گے اس کے بجائے تَضَارَبْنَا کہیں گے فتدبّر۔

وخاصیت باب افتعال سہ چیز ست اشتراک چوں اِقْتَتَلْنَا با یک دیگر کارزار کردیم، واتخاذ چیزے از برائے خود چوں اشْتَوَیْتُ بریان کردم از برائے خود، واِطَّبَخْتُ طبخ ساختم از برائے خود وابتدائے فعل چوں اِفْتَقَرَ درویش شد۔

ترجمہ:۔ اور باب افتعال کی تین خاصیتیں ہیں (۱) اشتراک جیسے اِقْتَتَلْنَا ہم نے ایک دوسرے سے جنگ کی (۲) اتخاذ کسی چیز کا اپنے لیے یعنی فاعل کا معنی فعل کو اپنے لیے اختیار کرنا جیسے: اِشْتَوَیْتُ بمعنی میں نے اپنے لیے بھونا اِطَّبَخْتُ بمعنی میں نے اپنے لیے پکایا۔ (۳) ابتدائے فعل جیسے اِفْتَقَرَ بمعنی فقیر ہوا افتقر باب افتعال سے آیا ہے

اس کا مجرد فقر یفقر مصدر بمعنی کھودنا باب (ض) سے آیا ہے باب (ف) سے بھی آیا ہے۔

خاصیت باب استفعال پنج چیز است سوال چوں اِسْتَطْعَمَہٗ خورش خواست وے وایں اصل باب ست وظن چوں اِسْتَحْسَنَہٗ نیکو پنداشت اورا واِسْتَقْبَحَہٗ زشت پنداشت اورا وجدان کسے بر صفتے چوں اِسْتَکْرَمْتُہٗ کریم یافتم اورا وتحول چوں اِسْتَنْسَرَ الْبُغَاثُ کرگس گشت مرغ ضعیف واِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ ناقہ گشت جمل وابتدائے فعل چوں اِسْتَرْجَعَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ گفت

ترجمہ: ۔اور باب استفعال کی پانچ خاصیتیں ہیں۔ (۱) سوال جیسے: اِسْتَطْعَمَہٗ اس نے اس سے کھانا طلب کیا۔ باب استفعال کے خواص میں یہ خاصہ اصل ہے (۲) ظن جیسے اِسْتَحْسَنَہٗ اس نے اس کو اچھا سمجھا اِسْتَقْبَحَہٗ اس نے اس کو برا سمجھا یہ دونوں افعال باب استفعال سے آتے ہیں مادہ استحسنہ کا ح س ن اور استقبحہ کا مادہ ق ب ح ہے (۳) وجدان یعنی فاعل کا مفعول کو کسی صفت پر پانا جیسے اِسْتَکْرَمْتُہٗ میں نے اس کو کرم کے ساتھ موصوف پایا (۴) تحول یعنی کسی چیز کا عین ماخذ یا فعل ماخذ ہونا جیسے تَنَصَّرَ وہ نصرانی ہو گیا اور جیسے اِسْتَنْسَرَ الْبُغَاثُ معمولی پرندہ گدھ ہو گیا، اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ اونٹ اونٹنی بن گیا جمل بمعنی اونٹ ہے یہاں سین طلب کے لیے نہیں ہے بلکہ اس کا فائدہ تحول ہے استنوق کا مادہ ن و ق ہے (۵) ابتدائے فعل اِسْتَرْجَعَ کا معنی ہے اس نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا۔

﴿خاصیت باب انفعال دو چیز است مطاوعت ثلاثی مجرد چوں قَطَعْتُہٗ فَانْقَطَعَ وابتدائے فعل چوں اِنْطَلَقَ۔﴾

ترجمہ :۔باب انفعال کی دو خاصیتیں ہیں (۱) مطاوعت ثلاثی مجرد جیسے قَطَعْتُہٗ فَانْقَطَعَ میں نے اس کو کاٹا تو وہ کٹ گیا (۲) ابتدائے فعل جیسے اِنْطَلَقَ وہ چلا گیا انطلق کا مادہ ط ل ق ہے

﴿وخاصیت باب اِفْعِلَال واِفْعِیعَال سہ چیز است الوان وعیوب چوں اِسْوَدَّ واِسْوَادَّ سیاہ شد آں واِحْوَلَّ واِحْوَالَّ کاژ چشم شد آں وابتدائے فعل چوں اِرْفَضَّ الدَّمْعُ پراگندہ شد آب چشم واِبْهَارَّ اللَّیلُ نیمہ شب رسید۔﴾

ترجمہ:۔ اور باب افعلال وافعیلال کی خاصیتیں تین ہیں (۱) الوان یہ لون کی جمع ہے بمعنیٰ رنگ (۲) عیوب یہ عیب کی جمع ہے بمعنیٰ برائی الوان جیسے اِسْوَدَّ اِسْوَادَ وہ کالا ہوا عیوب جیسے اِحْوَلَّ واِحْوَال وہ بھینگی آنکھ والا ہوا (۳) ابتدائے فعل جیسے اِرْفَضَّ الدَّمْعُ آنسو بہہ پڑا اِرْفَضَ کا مجرد رَفَضَ ہے۔ اِبْهَارَّ اللَّیلُ آدھی رات ہوگئی۔

﴿خاصیت افعیعال مبالغہ چوں اِخْشَوْشَن سخت درشت شد واِحْمَوْمی سخت گرم شد۔﴾

ترجمہ:۔ باب افعیعال کی خاصیت مبالغہ ہے کسی چیز کی مقدار یا کیفیت میں زیادتی بتانا جیسے اَسْفَرَ الصُّبحُ صبح خوب روشن ہوئی۔ اِخْشَوْشَن سخت کھردرا ہوا اِحْمَومی سخت گرم ہوا۔

باب اِفَّعُّل فرع باب تَفَعُّل است ازانچہ از باب تَفَعُّل کلماتے چند کہ فا آں مجانس تائے تَفَعُّل بودہ است، تا را بہ فا بدل کردند وادغام کردند والف وصل در آوردند اِفَّعُّل شد چوں اِدَّثُّر کہ دراصل تَدَثُّر بود، تا را دال کردند، ودال را در دال ادغام کردند چوں از جہت ادغام اول کلمہ ساکن شد الف وصل درآوروند اِدَّثُّر شد چنانکہ اِفَّعُّل فرع تَفَعُّل است اِفَّاعُل نیز فرع تَفَاعُل است چوں اِدَّارُک وتَدَارُک، وبسیار باشد کہ بعضے کلمہ ازیں بابہا موافق بعض آید چوں قَرَّ واِسْتَقَرَّ وَزَلَّ واِسْتَزَلَّ ودَلَّ واِسْتَدَلَّ ووَقَعَ وواقَعَ ورَفَعَ ورَافَعَ ورَوَّمَ وتَرَوَّمَ۔

ترجمہ:۔ باب اِفَّعُّل باب تَفَعُّل کی فرع ہے، اس وجہ سے کہ باب تَفَعُّل کے چند کلمات ایسے ہیں، جن کا فا کلمہ تَفَعُّل کے تا کے ہم جنس تھا اس لیے تا کو فا سے بدل دیا اور ادغام کردیا اور الف وصل اس کے شروع میں لے آئے اِفَّعُّل ہوگیا جیسے اِدَّثُّر بمعنی مال جمع کرنا اصل میں تَدَثَّر تھا تا کو دال کردیا اور دال کو دال میں ادغام

کر دیا کیوں کہ ادغام کی وجہ سے اول کلمہ ساکن ہو گیا اس لیے اس کے شروع میں الف وصل لے آئے تو اِدَّثَر ہوا اور اس طرح اِفَّعُّل تَفَعُّل کی فرع ہے اِفَّاعُلُ بھی تَفَاعُل کی فرع ہے جیسے اِدَّارُک وتَدَارُک وغیرہ مگر ان ابواب کے بعض کلمات ایسے ہیں جو دوسرے بعض کلمات کے موافق (یعنی ہم معنیٰ) آتے ہیں جیسے: اِسْتَقَرَّ بمعنیٰ قَرَّ (ٹھہرنا) اِسْتَزَلَّ بمعنیٰ زَلَّ (پھسلنا) اِسْتَدَلَّ بمعنیٰ دَلَّ (رہنمائی کرنا) وَاقَعَ بمعنیٰ وَقَعَ (گرنا) رَافَعَ بمعنیٰ رَفَعَ (بلند کیا) تَرَوَّمَ بمعنیٰ رَوَّمَ (ٹھٹھا کرنا)

خاصیت رباعی آں ست کہ ہمیشہ صحیح ومضاعف باشد ومہموز بر سبیل قلت چوں بَعْثَرَ وَسَرْبَلَ وَذَبْذَبَ وطَامَنَ ، ومضاعف وے مرکب باشد از دو حرف مکرر چوں زَحْزَحَ فاما حَوْقَلَ سخت پیر شد ودَهْوَرَ روزگار گزرانید وبَيْطَرَ پزشک ستور شد وسَلْقَي بر پشت بیفگند ملحق ست از ثلاثی برباعی زیادت حروف علت اما آن چیز ہائے کہ تعلق دارند بفعل پنج چیز ست مصدر وزمان فعل ومکان فعل وفاعل ومفعول۔

ترجمہ: ۔اور رباعی کی خاصیت یہ ہے ہمیشہ صحیح اور مضاعف ہونا اور مہموز بر سبیل قلت جیسے بَعْثَرَ اور رباعی کا مضاعف دو حرف سے مرکب ہوتا ہے جو کہ مکرر ہوتے ہیں جیسے زَحْزَحَ "زا" اور "حا" سے مرکب ہے حَوْقَلَ سخت بوڑھا ہوا یہ اجوف واوی ہے اور دَهْوَرَ یہ ناقص واوی ہے اور بَيْطَرَ یہ اجوف یائی ہے اور سَلْقَي یہ ناقص یائی ہے یہ کل کلمات رباعی مجرد ہیں اور فعل ماضی معروف ہیں اس کا ایک ہی باب ہے فَعْلَلَةً جیسے بَعْثَرَ يُبَعْثِرُ بَعْثَرَةً جن کو بزیادت حرف علت رباعی سے ملحق کیا گیا ہے۔لیکن وہ چیزیں جو فعل سے تعلق رکھتی ہیں پانچ ہیں (۱) مصدر یعنی معنیٰ حدثی کام (۲) فعل کا زمانہ (۳) فعل کی جگہ (۴) فاعل کام کرنے والا (۵) مفعول کیا ہوا۔انہیں پانچ چیزوں سے فعل کا تعلق ہوتا ہے۔

مصدر ہر بابے کہ در مصادر آمدہ است بذکر آن حاجت نیست لیکن مصدر باب اِفْعَال فِعَّلٌ وفِعَالٌ نیز آمدہ است چوں وَالنَّازِعَاتِ غَرْقًا ای

اِغْرَاقًا وَاللّٰہُ اَنْبَتَکُمْ مِنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ای اِنْبَاتًا۔

ترجمہ: ۔ ہر باب کا مصدر جو کہ مصادر میں آئے ہوئے ہیں اس کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن باب اِفْعَال کے مصدر فُعُلٌ اور فَعَالٌ بھی آئے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کا قول وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا میں غَرْقًا مصدر ہے ثلاثی مجرد سے آیا ہے اِغْرَاق کے معنی میں ہے اور اغراق باب افعال کا مصدر ہے واللّٰہُ اَنْبَتَکُمْ مِنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا میں نَبَاتًا مصدر ہے اِنْبَاتًا کے معنی میں ہے اِنْبَاتًا باب اِفعال کا مصدر ہے۔

مصدر باب تَفْعِیْل تَفْعِلَۃٌ وَتفْعَالٌ وَفَعَالٌ وفِعَالٌ وفِعَّالٌ آمدہ است چوں تَذْکِرَۃٌ وتَکْرَارٌ وسَلَامٌ و کِتَابٌ و کِذَّابٌ اما تَفْعِلَۃٌ بیشتر معتل لام ومہموز لام راباشد چوں تَرْبِیَۃٌ وتَصْلِیَۃٌ وصحیح رانیز باشد بر سبیل قلت چوں تَبْصِرَۃٌ وتَذْکِرَۃٌ۔

ترجمہ: ۔ باب تفعیل کے مصدر پانچ آئے ہیں (۱) تَفْعِلَۃٌ جیسے تَذْکِرَۃٌ یاددلانا (۲) تَفْعَالٌ جیسے تَکْرَارٌ بار بار کرنا (۳) فَعَالٌ جیسے سَلَامٌ سلام کرنا (۴) فِعَالٌ جیسے کِتَابٌ لکھنا (۵) فِعَّالٌ جیسے کِذَّابٌ انکار کرنا، جھٹلانا لیکن تَفْعِلَۃٌ کا جو وزن ہے زیادہ تر معتل لام اور مہموز لام میں ہوتا ہے جیسے رَبّٰی یُرَبِّی تَرْبِیَۃً لڑکے کی پرورش کرنا صَلّٰی یُصَلِّی تَصْلِیَۃً دعا کرنا نماز پڑھنا اور باب تفعیل کے صحیح میں بھی یہ وزن آیا ہے جیسے تَبْصِرَۃٌ تَذْکِرَۃٌ۔

ومصدر باب تَفَعُّل تِفِعَّالٌ آید چوں تَمَلَّقَ تِمِلَّاقًا ومصدر باب مُفَاعَلَۃ فِعَالٌ وفِیْعَالٌ آید چوں قَاتَلَ مُقَاتَلَۃً وقِتَالًا وقِیْتَالًا ومصدر باب فَعْلَلَۃٌ فِعْلَالًا چوں زَلْزَلَ زَلْزَلَۃً زِلْزَالًا۔

ترجمہ: ۔ اور باب تَفَعُّل کا مصدر تِفِعَّالٌ بھی آیا ہے جیسے تَمَلَّقَ یَتَمَلَّقُ تَمَلُّقًا وتِمِلَّاقًا معنی چاپلوسی کرنا اور باب مفاعلۃ کے دو اور مصدر ہیں (۱) فِعَالٌ جیسے قِتَالٌ (۲) فِیْعَالٌ جیسے قِیْتَالٌ۔

﴿مکان وزمان از ثلاثی مجرد ہر فعلے کہ مستقبل او یَفْعِلُ بکسر عین باشد مکان وزمان از وے ہم بکسر عین آید بروزن مَفْعِل چوں مَنْزِلٌ جائے نزول ووقت نزول، مَبِیْعٌ جائے فروختن ووقت فروختن۔ واز معتل فا بکسر عین مَفْعِل از ہر بابے کہ باشد چوں مَوْعِدٌ ومَوْجِلٌ۔ واز معتل لام ومضاعف مَفْعَل باشد بفتح عین چوں مَاتی جائے آمدن ووقت آمدن، ومَرْمیٰ جائے تیر انداختن، ووقت تیر انداختن ومَفَرٌّ جائے گریختن، ووقت گریختن ومَقَرٌّ جائے آرام گرفتن ووقت آرام گرفتن۔﴾

ترجمہ ثلاثی مجرد سے مکان وزمان ہر وہ فعل جس کا مضارع عین کے کسرہ کے ساتھ ہوگا (یَفْعِلُ) تو اس کا مکان وزمان بھی عین کے کسرہ کے ساتھ "مَفْعِلٌ" کے وزن پر آئے گا۔ جیسے: مَنْزِلٌ (اترنے کی جگہ یا اترنے کا وقت) مَبِیْعٌ (بیچنے کی جگہ یا بیچنے کا وقت) اور معتل فا سے عین کلمہ کے کسرہ کے ساتھ (مَفْعِلٌ) آئے گا جس باب سے بھی ہو۔ جیسے: مَوْعِدٌ (وعدہ کرنے کی جگہ) مَوْجِلٌ (خوف کی جگہ) اور معتل لام اور مضاعف سے بھی اسم ظرف "مَفْعَلٌ" عین کے فتحہ کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے: مَاتیٰ (آنے کی جگہ یا آنے کا وقت) مَرْمیٰ (تیر پھینکنے کی جگہ یا تیر پھینکنے کا وقت) مَفَر (بھاگنے کی جگہ یا بھاگنے کا وقت) مَقَرٌّ (آرام کرنے کی جگہ یا آرام کرنے کا وقت)

تشریح: اگر فعل مضارع مکسور العین ہو تو اس کا اسم ظرف بھی مکسور العین آتا ہے، جیسے: یَنْزِلُ فعل مضارع معروف ہے اس کا عین کلمہ مکسور ہے تو اس کا اس ظرف بھی "مَنْزِلٌ" زا کے کسرہ کے ساتھ ہوگا۔ اور معتل فا سے اسم ظرف ہر حال میں مکسور العین آئے گا، جیسے: یَوْعِدُ سے مَوْعِدٌ (وعدہ کرنے کی جگہ) معتل لام اور ضاعف سے اسم ظرف "مَفْعَلٌ" مفتوح العین آتا ہے، جیسے: مَرْمیٰ یہ معتل لام کی مثال ہوئی، اور مَفَرٌّ یہ مضاعف کی مثال ہوئی۔

﴿وہر فعلے کہ مستقبل او یَفْعَلُ ویَفْعُلُ بفتح وضم عین باشد مکان وزمان او بروزن مَفْعَلٌ بفتح عین باشد چوں مَکْتَبٌ جائے نبشتن ووقت نبشتن، ومَسْمَعٌ جائے

شنیدن ووقت شنیدن، و مَقْطَعٌ جاے بریدن ووقت بریدن اما مَشرِق ومَغرِب ومَسقِطٌ ومَنبِتٌ ومَفرِقٌ شاذ است ودر مَسجِدٌ و مَسکِنٌ ومَجمَعٌ و مَطلَعٌ ومَنسِکٌ فتح وکسر لغت ست، و مَفْعَلٌ بفتح عین مصدر ہمہ بابہا ثلاثی راباشد چوں ضَرَبَ مَضرَباً وکَتَبَ مَکتَباً مگر معتل فا از باب یَفعِلُ بکسر عین کہ مصدر او بروزن مَفعِلٌ بکسر عین آید چوں وَعَدَ مَوعِداً ووَضَعَ مَوضِعاً وبسیار جاست کہ در اسماے مکان تا در آید چوں مَقبُرَۃٌ ومَزرَعَۃٌ واز منشعبہ ثلاثی مکان وزمان ومصدر ومفعول ہم بر یک وزن آید چوں مُکرَمٌ جاے گرامی کردن ووقت گرامی کردن وگرامی کردن ومرد گرامی کردہ شدہ، و مُرتَہَبٌ جاے ترسانیدن ووقت ترسانیدن وترسانیدن ومرد ترسانیدہ شدہ۔

ترجمہ: ہر وہ فعل مضارع جس کا عین کلمہ فتحہ اور ضمہ کے ساتھ (یَفعَلُ یَفعُلُ) ہو، اس کا مکان وزمان (اسم ظرف) عین کلمہ کے فتحہ کے ساتھ (مَفعَلٌ) کے وزن پر ہوگا۔ جیسے: مَکتَبٌ (لکھنے کی جگہ اور لکھنے کا وقت) مَسمَعٌ (سننے کی جگہ یا سننے کا وقت) مَقطَعٌ (کاٹنے کی جگہ یا کاٹنے کا وقت) لیکن مَشرِقٌ (نکلنے کی جگہ) مَغرِبٌ (غروب ہونے کی جگہ) مَسقِطٌ (گرنے کی جگہ) مَنبِتٌ (اگنے کی جگہ) مَفرِقٌ (مانگ نکالنے کی جگہ) شاذ ہے۔ مَسجِدٌ (سجدہ کرنے کی جگہ) مَسکِنٌ (آرام کرنے کی جگہ، (گھر) مَطلَعٌ (طلوع ہونے کی جگہ) مَنسِکٌ (قربانی کرنے کی جگہ) میں فتحہ وکسرہ دونوں لغت ہیں۔ ثلاثی کے تمام ابواب سے مصدر (میمی) عین کلمہ کے فتحہ کے ساتھ (مَفعَلٌ) ہوگا جیسے: ضَرَبَ مَضرَباً وکَتَبَ مَکتَباً۔ مگر معتل فا باب یَفعِلُ سے یعنی مکسور العین سے معتل فا کا مصدر "مَفعِلٌ" کے وزن پر مکسور العین آتا ہے۔ جیسے وَعَدَ مَوعِداً وَضَعَ مَوضِعاً اور بہت سی جگہیں ایسی ہیں کہ اسماے مکان میں (ۃ) تا آتے ہیں جیسے: مَقبَرَۃٌ (قبرستان) مَزرَعَۃٌ (کھیتی) اور ثلاثی مزید سے مکان وزمان اور مصدر ومفعول ایک ہی وزن پر آتے ہیں جیسے: مُکرَمٌ (تعظیم کرنے کی جگہ یا تعظیم کرنے کا وقت) مصدر بمعنیٰ (تعظیم کرنا) اسم

مفعول بمعنیٰ (وہ شخص جس کی تعظیم کی گئی ہو۔) مُرتَهَب (ڈرانے کی جگہ یا ڈرانے کا وقت) ڈرنا، وہ مرد جس کو ڈرایا گیا ہو۔

﴿فاعل، مفعول را در میزان بیان کردیم، اما باید دانست کہ اسم فاعل از باب فَعِلَ یَفْعَلُ بکسر العین فی الماضی وفتحها فی المستقبل شش گونہ آید۔ فَاعِلٌ چوں سَامِعٌ وعَالِمٌ۔ وفَعِیْلٌ چوں سَمِیْعٌ وعَلِیْمٌ وفَعِلٌ چوں حَذِرٌ وفَرِحٌ وافْعَلُ چوں اَحْوَرُ و اَعْیَنُ ومؤنثہ فَعْلاء چوں حَوْرَاءُ و عَیْنَاءُ وجمعهما فُعْلٌ چوں حُوْرٌ وعِیْنٌ وفَعْلَانُ چوں سَکْرَانُ وعَطْشَانُ ومؤنث او فَعْلیٰ چوں سَکْرَیٰ وعَطْشیٰ وفُعْلَانُ چوں عُرْیَانُ و خُمْصَانُ.﴾

ترجمہ: اور فاعل ومفعول کو ہم نے میزان میں بیان کر دیا، لیکن جاننا چاہیے کہ اسم فاعل باب سَمِعَ یَسْمَعُ سے، چھ اوزان پر آتا ہے فَاعِلٌ جیسے: سَامِعٌ (سننے والا) عَالِمٌ (جاننے والا) فَعِیْلٌ جیسے: سَمِیْعٌ (سننے والا) عَلِیْمٌ (جاننے والا) فَعِلٌ جیسے: حَذِرٌ (بچنے والا) فَرِحٌ (خوش ہونے والا) اَفْعَلُ جیسے: اَحْوَرُ (وہ شخص جس کے آنکھ کی سفیدی اور سیاہی گہری ہو) اَعْیَنُ (وہ مرد جس کی آنکھ بڑی ہو) اور اَفْعَلُ کا مؤنث، فَعْلاءُ جیسے: حَوْرَاءُ وعَیْنَاءُ اور ان دونوں کی جمع فُعْلٌ جیسے: حُوْرٌ وعِیْنٌ اور فَعْلَاءُ جیسے: سَکْرَانُ (مدہوش) عَطْشَانُ (پیاسہ) اور اس کا مؤنث فَعْلیٰ جیسے: سَکْرَیٰ وعَطْشیٰ، اور فُعْلَانُ جیسے: عُرْیَانُ (ننگا) خُمْصَانُ (پتلے ہاتھ پاؤں والا)

﴿اما فَعْلَانُ صفت عارض را باشد از جوع و عطش وضد آں چوں رَیَّانُ و شَبْعَانُ، وافْعَلُ صفت لازم را باشد از الوان وعیوب چنانکہ اَحْمَرُ مرد سرخ واَحْوَلُ مرد کاژ، وفَعِلٌ بکسر العین فعل لازم را باشد از سرور و اداء چوں فَرِحٌ ووَجِعٌ ووَصِبٌ وبَطِرٌ۔ بیش تر اسم فاعل از باب فَعُلَ یَفْعُلُ بضم العین فی الماضی والمستقبل بروزن فعیل می آید چوں کَرِیْمٌ وعَظِیْمٌ۔ وصفت گونہ دیگر آمدہ است﴾

ترجمہ: لیکن فَعْلَاءُ بھوک اور پیاس کے متضاد پیدا ہونے والی صفت عارض کے لیے ہوتا ہے، جیسے: رَيَّانُ (سیراب) شَبْعَانُ (شکم سیر ہونا) اور اَفْعَل کا وزن رنگ اور عیب پر دلالت کرنے والی صفت لازمہ کے لیے ہوتا ہے، جیسے: اَحْمَرُ (سرخ مرد) اَحْوَلُ (بھینگا مرد) اور "فَعِلٌ" عین کے کسرہ کے ساتھ خوشی اور عیب پر دلالت کرنے والے فعل لازم کی صفت کے لئے ہوتا ہے جیسے: فَرِحٌ (خوش) وَجِعٌ (درد والا) وَصِبٌ (بیمار) بَشِرٌ (خوش) اور باب کَرُمَ یَکْرُمُ سے اسم فاعل زیادہ تر "فَعِیْلٌ" کے وزن پر آتا ہے جیسے: کَرِیْمٌ (شریف) عَظِیْمٌ (بڑا) اور دوسرے سات اوزان ہیں جن کے الفاظ اسم فاعل کے معنیٰ میں ہوتے ہیں۔

﴿فَعْلٌ چوں ضَخْمٌ و عَبْلٌ، و فَعِلٌ چوں خَشِنٌ و سَہِمٌ، و فَعَلٌ چوں حَسَنٌ و بَطَلٌ، و فِعْلٌ چوں رِجْسٌ و مِلْحٌ، و فُعُلٌ چوں صُلُبٌ و غُفُلٌ و فُعَالٌ چوں ضُخَامٌ و شُجَاعٌ، و فَعَالٌ چوں حَصَانٌ و جَبَانٌ و حَرَامٌ۔﴾

ترجمہ: فَعْلٌ جیسے: ضَخْمٌ (موٹا) عَبْلٌ (غلیظ) فَعِلٌ جیسے: خَشِنٌ (سخت) سَہِمٌ (جس کا چہرہ متغیر ہو) فَعَلٌ جیسے: حَسَنٌ (خوبصورت) بَطَلٌ (بہادر) فِعْلٌ جیسے: رِجْسٌ (ناپاک) مِلْحٌ (نمکین) فُعُلٌ جیسے: صُلُبٌ (سخت) غُفُلٌ (ناتجربہ کار) فُعَالٌ جیسے: ضُخَامٌ (موٹا تازہ) شُجَاعٌ (بہادر) فَعَالٌ جیسے: حَصَانٌ (نیک عورت) جَبَانٌ (بزدل) حَرَامٌ (نالائق)

رموز و اشارات

ح	مراد	حینئذٍ	ہ	مراد	ھٰھنا
ج	//	جمع	جج	//	جمع الجمع
المص	//	المصنف	الش	//	الشارح
مص	//	مصدر	هف	//	هذاخلف
کک	//	کذالک	مم	//	ممنوع
لانم	//	لانسلّم	یق	//	یُقال
الظ	//	الظاہر	بط	//	باطِل
عط	//	عطف	اه	//	انتہیٰ
صح	//	صحیح	ف	//	فائدہ
خلف	//	خلاف مفروض	الخ	//	الخ آخرہ
لایخ	//	لایَخلو	ص	//	اصل

ہماری دیگر مطبوعات

وقت ہزار نعمت
کاش نوجوانوں کو معلوم ہوتا
مرنے کے بعد کیا بیتی
موت کیا ہے
چالیس حدیثیں
یارسول اللہ
پیارے بیٹے
اور مشکل آسان ہوگئی
اپنے لخت جگر کے لیے
محبوب الٰہی
مونس الارواح
فتوحات فیروز شاہی
سیف الجلیل شرح الادب الجمیل،

زاد آخرت
سیرۃ الرسول
معلم الترکیب
شرح پنج گنج
نجمن انگلش گرامر
تحفۂ زندگی
تہذیب الانشاء اول تا سوم
معلم الترکیب
خاصیت الابواب
صلات الافعال
تجلیات علم
خطبات خواتین
شرح المدیح النبوی

ہماری دیگر مطبوعات

- وقت ہزار نعمت
- کاش نوجوانوں کو معلوم ہوتا
- مرنے کے بعد کیا بیتی
- موت کیا ہے
- چالیس حدیثیں
- یارسول اللہ
- پیارے بیٹے
- اور مشکل آسان ہوگئی
- اپنے لخت جگر کے لیے
- محبوب الٰہی
- مونس الارواح
- سیب الجلیل شرح الادب الجمیل
- تجلیات علم
- زاد آخرت
- سیرۃ الرسول
- معلم الترکیب
- شرح پنج گنج
- نجمن انگلش گرامر
- تحفۂ زندگی
- تہذیب الانشاء اول تا سوم
- معلم الترکیب
- خاصیت الابواب
- صلات الافعال
- فتوحات فیروز شاہی
- شرح المدیح النبوی
- خطبات خواتین

ملنے کا پتہ
کمال بک ڈپو
KAMAL BOOK DEPOT
Madrasa Shamsul Uloom, Ghosi, Distt. Mau
(U.P.) Ph: 09935465182, 09335082776